حکومت کرناٹک

ندائے اُردو

زبانِ اوّل

برائے چھٹّی جماعت

NIDA-E-URDU

Urdu First Language

6

Sixth Standard

PART-1

حصّۂ اوّل

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a [1]**[SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC]** and to secure to all its citizens :

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity; and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the [2][unity and integrity of the Nation];

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949 do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

---

1. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Sovereign Democratic Republic" (w.e.f. 3.1.1977)
2. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Unity of the Nation" (w.e.f. 3.1.1977)

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

CONSTITUTION OF INDIA

Part III (Articles 12 – 35)
(Subject to certain conditions, some exceptions
and reasonable restrictions)

guarantees these

Fundamental Rights

Right to Equality

- before law and equal protection of laws;
- irrespective of religion, race, caste, sex or place of birth;
- of opportunity in public employment;
- by abolition of untouchability and titles.

Right to Freedom

- of expression, assembly, association, movement, residence and profession;
- of certain protections in respect of conviction for offences;
- of protection of life and personal liberty;
- of free and compulsory education for children between the age of six and fourteen years;
- of protection against arrest and detention in certain cases.

Right against Exploitation

- for prohibition of traffic in human beings and forced labour;
- for prohibition of employment of children in hazardous jobs.

Right to Freedom of Religion

- freedom of conscience and free profession, practice and propagation of religion;
- freedom to manage religious affairs;
- freedom as to payment of taxes for promotion of any particular religion;
- freedom as to attendance at religious instruction or religious worship in educational institutions wholly maintained by the State.

Cultural and Educational Rights

- for protection of interests of minorities to conserve their language, script and culture;
- for minorities to establish and administer educational institutions of their choice.

Right to Constitutional Remedies

- by issuance of directions or orders or writs by the Supreme Court and High Courts for enforcement of these Fundamental Rights.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نصابی کمیٹی برائے چھٹی جماعت زبانِ اوّل

صدر

پروفیسر۔ایس۔محمد رحمت اُلحق

سابق رجسٹرار، کرناٹک اردو اکادمی، بنگلورو

صدر شعبہ اردو، سری سِدّ اگنگا کالج برائے خواتین، ٹمکورو

☆	جناب فیاض الرحمٰن گرگیشوری پرنسپل، گورنمنٹ پری یونیورسٹی کالج، ارے ہلی، ضلع ہاسن	رکن
☆	جناب آر۔مشتاق احمد اردو معلم، سرکاری جونیئر کالج برائے خواتین، چِنتامَنی چکبالاپور ضلع	رکن
☆	جناب سید رحمت اللہ، معلم سرکاری اردو ماڈل ہائیر پرائمری اسکول، دوڈ پیٹ، چِنتامَنی	رکن
☆	محترمہ شمیم النساء یس، قاضی، اردو معلّمہ، سرکاری اُردو زنانہ اسکول، گارڈن پیٹ، ھبّلی	رکن
☆	محترمہ ایم صَفورُ النساء، معلّمہ سرکاری اردو ہائیر پرائمری اسکول، کوڈلی، شیموگا	رکن
☆	پروفیسر سید عبدالقدیر ناظم سرگروہ، نمبر 67، چوتھا کراس، مدینہ کالونی، دھارواڑ	تنقیح کار
☆	شری مٹھ پتی، نمبر 67، چوتھا کراس، مدینہ کالونی، دھارواڑ	مُصوّر

ایڈیٹوریل بورڈ

پروفیسر خالد سعید، صدر، شعبۂ اردو ، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد - 32

ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم، سابق صدر، شعبۂ اُردو بنگلورو یونیورسٹی۔

صلاح کار

☆ شری ناگیندرا کمار مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو	☆ شری موڈمبڑی تایا کوآرڈینیٹر کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو
☆ شریمتی سی۔ناگامنی، ڈپٹی ڈائرکٹر (انچارج) کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو	☆ شری پانڈورنگا سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries-integrated knowledge and the joy of learning
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the

Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bangalore - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bangalore - 85

NOT TO BE REPUBLISHED @ KTBS

حرفِ اوّل

حکومتِ کرناٹک کے محکمۂ تعلیم کے نیشنل کریکیولم فریم ورک NCF2005 کے تحت نصاب کی تیاری کے لئے فراہم کردہ رہنما اصُولوں پر مبنی، سِلسلۂ دوّم کے بطور، درسی کِتاب برائے چھٹّی جماعت، زبان اوّل ''ندائے اردو'' -6 آپکے ہاتھوں میں ہے۔ کتاب کی تیاری میں بچّے کی ذہنی استطاعت، دَرک اور اکتسابی صلاحیتوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ کتاب کی تیاری میں زبان دانی کو فروغ دینے کے علاوہ بچّے کی معلومات میں اضافہ کی خاطر مختلف النوع موضوعات شامل نظم ونثر ہیں۔

زبان پر بچّہ عبور حاصِل کر سکے، اس کے لئے حتی المقدور آسان الفاظ اور جملوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ تحریری صلاحیتوں کو فروغ دینے نیز خود سے کچھ کر دکھانے کے جذبے کو جِلا دینے کی غرض سے نِت نئی لِسانی مشقیں اور سرگرمیاں بھی شامِل نِصاب ہیں۔ اِن مشقوں کے ذریعہ بچّے زبان سیکھنے اور مستقبل میں اردو زبان کے استعمال سے لطف اندوز ہونے کے علاوہ زبان وادب کی چاشنی سے بھی بہرہ ور ہو پائیں گے۔

ہمارے بچّے اپنی ہی دنیا میں سِمٹ کر نہ رہ جائیں، عَصرِ حاضر کے تقاضوں کے پیشِ نظر، اردو زبان کے قلم کاروں کے علاوہ دوسری زبانوں کے مصنفوں سے بھی روشناس کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس غرض کے تحت ندائے اردو-5 میں بچّوں نے کنڑ ازبان کے مشہور ادیب وشاعر کو ویمپو کو پڑھا ہے۔ سالِ رواں میں وہ انگریزی زبان کے معروف ڈرامانِگار ولیم شیکسپیر سے واقف ہو پائیں گے۔

بچّے بول چال کی زبان، روزمرّہ اور اکتسابی زبان کے فرق کو پہچان پائیں ترجمے کے تحت روزمرّہ میں استعمال ہونے والے جملوں کے علاوہ کنڑ اور انگریزی کے جملے بھی مشقوں میں شامل نصاب ہیں۔ اساتذہ سے گذارش ہے کہ اس سلسلہ میں بچوں کی مناسِب رہنمائی کریں۔

بچّوں کو عصرِ حاضر سے ہم آہنگ کرنے کی غرض سے نِصاب کی ترتیب عمل میں آئی ہے۔ اُمید کہ طلبہ، اساتذہ اور والدین اس سے اِستفادہ کریں گے۔ زرّین آراء اور تعاون کے لئے اراکینِ مجلس نِصاب، تنقیح کار، ڈپٹی ڈائرکٹر کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتا ہوں۔

کتاب میں درآئی کوتاہیوں کی نشاندہی کرنے نیز مستقبل میں نصاب کو خوب تر بنانے میں والدین، اساتذہ، طلبہ، طالبات کی جانب سے زرّین مشوروں کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

پروفیسر۔ ایس۔ محمد رحمت الحق

صدر مجلس نصاب

NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدر مجالس:

پروفیسر برگورراماچندرپّا، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو۔

مجلسِ نظرثانی

صدر:

پروفیسر سی۔سید خلیل احمد، چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اردو، کوئمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیموگا-577 203

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناء اللہ، اسوسیٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اردو، سہیادری سائنس کالج، شیموگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین، ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اردو اور دیگر اقلیتی لسانی مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار، ایل آئی جی-83 جال نگر، وجئے پورہ-101 586

جناب اختر سہیل، معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسور-001 570

محترمہ مہرالنساء بیگم۔کے۔مکاندار، اردو معلّمہ، گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ۔

محترمہ سائرہ بانو، معاون معلّمہ، گورنمنٹ مسلم رسیڈنشیل اسکول، سری رنگاپٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ حبیبہ خانم، معاون معلّمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، یم۔کے۔محلّہ، رام نگر-159 562

محترمہ شمع پروین سوداگر، معاون معلّمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری-110 581

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-007 560

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-094 560

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروگرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪-೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಮ್ಮ ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬-೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭-೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೮೫

(ಪ್ರೊ.ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೮೫

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)

S6V4G8

مضامین فہرست

اکائی	شمار	عنوان	صنف	مُصنف	صفحہ نمبر
I	1	حمد	نظم	اصغرؔ ویلوری	1
	2	خاتونِ جنت حضرت بی بی فاطمہؓ	نثر	مجلسِ نصاب	9
II	3	اُردو زبان ہماری	نظم	شرافت حسینؔ	19
	4	وِدھان سَودھا	نثر	مجلسِ نصاب	26
III	5	ہندوستان	نظم	مولانا اَلطاف حسین حالیؔ	37
	6	شہیدِ وطن حضرت ٹیپو سلطانؒ	نثر	مجلسِ نصاب	46
IV	7	بہار کا موسم	نظم	تِلوک چند محرومؔ	56
	8	ہم اور ہمارا ماحول	نثر	مجلسِ نصاب	62
V	9	پیارے بچّو	نظم	مُحمّد اجمل خان نجمیؔ	75
	10	آؤ خط لکھیں	نثر	مجلسِ نصاب	82
		خزینۂ الفاظ			92

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اکائی
I

سبق
1

R2I8B7

حمد

اصغؔر ویلوری

اشارے:

حَمدؔ کے لفظی معنی تعریف کے ہیں، شاعری میں حَمدؔ اس نظم کو کہتے ہیں جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی تعریف وتوصیف کی گئی ہو۔ اس کی خوبیاں بیان کی گئی ہوں۔ اردو شاعری کی یہ روایت رہی ہے کہ شعرا اپنے مجموعۂ کلام کی ابتداء حمد سے کرتے ہیں۔ اس کی ثناءخوانی کرتے ہیں۔ اس کی خوبیاں بیان کرتے ہیں۔ اردو کے کم وبیش ہر شاعر نے حَمد کہنے کی کوشش کی ہے۔

اِنسان تو اِنسان، اللہ کی تعریف میں چرند، پرند، درند کے علاوہ حجر اور شجر بھی ثناءخواں ہیں۔ اللہ کا کلام قرآن کریم بھی اس کی ثناءخوانی سے ہی شروع ہوتا ہے۔ سُورۂ فاتحہ اس کی بہترین مِثال ہے۔

زیرِ مطالعہ حَمد محترم اصغؔر ویلوری کی رقم کردہ ہے۔ آپ کا تعلق ہماری پڑوسی ریاست تامل ناڈو سے ہے۔ یہ حمد روانی، سلاست، اور معنی آفرینی کی عمدہ مثال ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اے شہنشاہ ! جاہ و حشمت کے
کون گُن گائے تیری عظمت کے

رَبّ ہے تو سب کا، لا شریک ہے تُو
سب گواہ ہیں تری ہی وحدت کے

قطرے قطرے میں، ذرّے ذرّے میں
لاکھوں جلوے ہیں تیری حِکمت کے

آگ کو تو نے کر دیا گلزار
یہ کرشمے ہیں تیری قدرت کے

دست بستہ ہیں سب ترے آگے
تو ہی لائق ہے ہر عِبادت کے

تُو ہی رَحمٰن اور رَحیم و کَریم
دغدغے کِس لئے قیامت کے

تیرے دامن میں آسرا دے دے
ہم ہیں مارے ہوئے مُصیبت کے

در پہ تیرے ہے ، ملتجی اصغؔر
کھول در اس پر تیری رحمت کے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ا۔ الفاظ و معنی:

جاہ وحشمت = شان وشوکت
گُن = صفت، عادت
عظمت = بزرگی، بڑائی
حکمت = دانائی، عقل، تدبیر
گلزار = پھلواری، باغ
کرشمے = انوکھی باتیں، کرامتیں
دست بستہ = ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر، منت کر کے
رحمٰن = مہربانی کرنے والا، خداوندِ تعالیٰ کا صفاتی نام

رحیم = مہربان، خداوندِ تعالیٰ کا صفاتی نام

کریم = بخشنے والا، سخی، فیاض، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام

دغدغے = خوف، خدشے، کھٹکے

مارے ہوئے = تباہ کئے ہوئے

در = دروازہ، چوکھٹ

ملتجی = التجا کرنے والا/ والی

۲۔ مُحاوَرہ:

مُحاوَرہ الفاظ کا وہ مجموعہ ہے جو اپنے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

چند مُحاوروں پر غور کیجئے۔

گن گانا = تعریف کرنا، مدح سرائی کرنا

گواہی دینا = شہادت دینا، اظہار کرنا

قیامت برپا کرنا = فتنہ اُٹھانا، اودھم مچانا، غضب ڈھانا

مصیبت کا مارا ہونا = آفتوں میں گھِر جانا، تباہ ہو جانا

۳۔ ذو معنی الفاظ:

ایسے الفاظ جن کے معنی مضمون کے لحاظ سے بدلتے ہیں۔ یعنی اُن کے دو معنی ہوتے ہیں

گائے = ایک جانور، مادہ گاؤ

گائے = نغمہ سرائی کرنا، گانے گانا

دِیا = چراغ

دِیا = کچھ دے دینا، دینے کا ماضی

دست = ہاتھ

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

دست = اسہال

در = اندر، میں

در = دروازہ، چوکھٹ

مار = سانپ

مار = چوٹ، صدمہ، دھکا

I (الف) اِن سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

۱) حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کو کس طرح مخاطب کیا ہے؟

۲) اللہ تعالیٰ کی ذات کہاں کہاں موجود ہے؟

۳) حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کن صفات کا ذکر کیا ہے؟

۴) آخری دو اشعار میں شاعر نے اللہ سے کیا التجا کی ہے؟

۵) تُو ہی رَحمٰن اور رَحیم و کریم دغدغے کس لئے قیامت کے

اس شعر کا مطلب کیا ہے؟

(ب) اِن سوالوں کے چار جملوں میں جواب لکھئے:

۱) حمد میں بیان کردہ صِفات کے علاوہ اللہ کی دیگر صفات بیان کیجئے۔

۲) حمد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

II (الف) اشعار مکمل کیجئے:

۱) رب ہے تو سب کا، لاشریک ہے تو : .....

۲) ..... : یہ کرشمے ہیں تیری قدرت کے

۳) تو ہی رحمٰن اور رحیم و کریم : .....

۴) ..... : کھول در اِس پر تیری رحمت کے

© MTB NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): فہرست ''الف'' میں دئے گئے مصرعوں کو فہرست ''ب'' کے مصرعوں کے ساتھ صحیح جوڑ لگا کر اشعار مکمل کیجئے:

''الف''		''ب''
۱) اے شہنشاہ! جاہ و حشمت کے	a)	تو ہی لائق ہے ہر عبادت کے
۲) قطرے قطرے میں، ذرّے ذرّے میں	b)	کھول در اس پر تیری رحمت کے
۳) دست بستہ ہیں سب ترے آگے	c)	لاکھوں جلوے ہیں تیری حکمت کے
۴) تیرے دامن میں آسرا دے دے	d)	کون گن گائے تیری عظمت کے
۵) در پہ تیرے ہے ملتجی اصغر	e)	ہم ہیں مارے ہوئے مصیبت کے

(ج): جدول میں متضاد الفاظ درج ہیں انہیں علاحدہ کر کے جوڑیاں بنائیے:

پھول	سنورنا	عزّت	عالم	باغ	ظلمت	غم	اندھیرا	خار
صحرا	اُجالا	گل	نور	بگڑنا	کانٹا	جاہل	ذِلّت	خوشی

(د): جدول میں دئے گئے الفاظ کی جنس پہچان کر فہرست بنائیے:

علم	عقل	گمراہی	خار	بلندی	صحرا	عزّت	غم	نور	گل

(ھ): جدول میں واحد اور جمع الفاظ درج ہیں، اِن میں ایک دوسرے کے واحد جمع الفاظ کی فہرست تیار کیجئے:

محفل	حرف	اساتذہ	منظر	سُجود	لفظ	غرباء	اسباق	کُتب	علوم	مدارس
کتاب	سبق	سجدہ	الفاظ	علم	حروف	مدرسہ	مناظر	استاد	غریب	محفلیں

III (الف): مصرعوں کو صحیح ترتیب سے لکھئے:

۱) تیری عظمت کے گن کون گائے

۲) تو نے کر دیا گلزار کو آگ

© KTB NOT TO BE REPUBLISHED

۳) ہیں تیری قدرت کے یہ کرشمے

۴) ہر عبادت لائق ہے تو ہی کے

۵) آسرا میں تیرے دامن دے دے

(ب): خط کشیدہ الفاظ کا اِملا دُرست کیجئے۔

۱) اے شہنشاہ ! جاہ و ہشمت کے

۲) خطرے خطرے میں، زرّے زرّے میں

۳) تو ہی لاعق ہے ہر ابادت کے

۴) سب گواح ہیں تیری ہی وہدت کے

۵) کھول دراس پر تیری رحمط کے

عملی سرگرمی:

۱) اپنے استاد صاحب/ استانی صاحبہ کی مدد سے ریاست کرناٹک کے دوسرے شاعروں کی لکھی حمدوں کو اکٹھا کیجئے۔

۲) اللہ کی ذات کو اس کی خوبیوں کی وجہ سے مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ اللہ کی کل ننانوے (99) صِفات ہیں۔ نیچے چند مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ باقی صفات بھی پڑھیئے اور یاد رکھئے۔

رَب = پالنے والا خالِق = پیدا کرنے والا

مالک = آقا رَحمٰن = نہایت مہربان

رَحیم = رحم کرنے والا

کرَیم = کرم/مہربانی کرنے والا

ستّار = عیبوں کو چھُپانے والا

غَفّار = بخشنے والا

علَیم = بہت زیادہ جاننے والا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سُورَۃ فاتحہ (ترجمہ)

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام عالَموں کا پیدا کرنے اور پالنے والا ہے ○ جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے ○ جو روزِ جزا کا مالِک ہے ○ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ○ تو ہی ہمیں سیدھا راستہ دِکھا ○ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا ہے ○ (یعنی جن سے تو راضی ہے) اور ان لوگوں کے راستہ پر مت چلا جن پر تیرا غضب نازل ہوا (یعنی جن سے تو ناراض ہے) اور نہ گمراہ لوگوں کے راستہ پر چلا ○ آمین۔

اِسلامی تقویم (کیلنڈر) ہجری کے مطابق ترتیب دی گئی ہے۔ ہجری تقویم 621 عیسوی سے شروع ہوتی ہے۔ یہ تقویم چاند کی گردش پر منحصر ہے۔ اسی لئے انہیں چاند کے مہینے کہتے ہیں۔ ذیل میں قمری (چاند) مہینوں کی فہرست دی گئی ہے۔ اُسے پڑھئے، لکھئے اور یاد رکھئے:

شمارہ	قمری (چاند) مہینوں کے نام	شمارہ	قمری (چاند) مہینوں کے نام
۱	مُحرمُ الحرام	۷	رَجبُ المرجّب
۲	صفرُ المُظفّر	۸	شَعبَان المُعَظم
۳	رَبیعُ اَلاوّلُ	۹	رمضان المُبارک
۴	رَبیعُ اَ لثّانی	۱۰	شَوَال المکرّم
۵	جمادِیُ اَلاوّلُ	۱۱	ذی القعدہ
۶	جمَادِی اَ لثّانِی	۱۲	ذی الحجہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ضِمنی مواد :

اس حمد کو غور سے پڑھیے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے:

حمد

وہ عرش و فرش ہے میرا وہ لامکاں میرا
میں اُس کا جانِ جہاں ہوں وہ جانِ جاں میرا

اُسی کے ذکر سے گلشن ہے یہ زمیں میری
اُسی کی یاد سے روشن ہے آسماں میرا

اُسی کے درد سے وابستہ کائناتِ حیات
وہ میرا سوزِ دعا ، نغمۂ فغاں میرا

ہوائیں ڈھونڈ رہی ہیں پتہ نہیں چلتا
کہاں ہے آگ تمہاری کہاں دھواں میرا

ہزار بار ترے شہر میں شہید ہوا
ہے آج تک بھی وہ جذبِ جنوں میرا

اجڑتا ہوں بھی تو میں شان سے اجڑتا ہوں
دلِ فراخ کے کھاتے میں ہے زیاں میرا

وہ بھیگی پلکوں میں کچھ دیر یونہی ٹھہرا تھا
مہک رہا ہے ابھی تک دیارِ جاں میرا

کہیں وہ پاس سے گذرا نہ ہو ذرا دیکھو
بکھر بکھر سا رہا ہے رُواں رُواں میرا

رازؔ امتیاز

سوالات:

۱) کس کی یاد سے شاعر کا آسمان روشن ہو رہا ہے۔
۲) آگ اور دھویں کو کون ڈھونڈ رہا ہے؟
۳) شاعر نے اپنے اُجڑنے کا ذکر کس طرح کیا ہے؟
۴) دلِ فراخ کے کھاتے میں کیا ہے؟

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اکائی
I

سبق
2

Y5Y6Y4

خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطمہؓ

اشارے:

اعلیٰ اخلاق اِنسانیت کی معراج ہیں۔ اخلاق ہی کے ذریعہ دین و دنیا میں اِنسان کی پہچان ہونے کے علاوہ قدر و منزلت بھی ہوتی ہے۔ دنیا میں ایسی کئی نامور شخصیات پیدا ہوئیں جنھوں نے اپنے اعلیٰ اخلاق و کردار کے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ ایسی ہی شخصیتوں میں خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطمہؓ کا نام گرامی بھی آتا ہے۔ مضمون کا مطالعہ بچّوں کی اخلاقی تربیت میں معاون ہوگا۔ علاوہ ازیں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد ان کی اولاد میں حضرت بی بی فاطمہؓ کو جو فضیلت ہے اس کا اندازہ بھی بچّے کر پائیں گے۔

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

حضرت بی بی فاطمہؓ سرورِ کائنات حضرت محمّد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی چوتھی اور سب سے چھوٹی صاحب زادی تھیں۔ حضرت بی بی فاطمہؓ بڑی نیک خاتون تھیں۔ زہرہ، بتول، طاہرہ، ذکیہ وغیرہ آپؓ کے مشہور القاب ہیں۔ حضور اِکرمؐ اِنہیں بہت چاہتے تھے۔ حضرت بی بی فاطمہؓ کا نکاح حضرت علیؓ سے ہوا تھا۔ آپؓ کے دو بیٹے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حُسینؓ ہیں۔

حضرت بی بی فاطمہؓ بچپن ہی سے نہایت متین، محنتی، خدمت گزار، عبادت گزار اور تنہائی پسند تھیں۔ آپؓ نے نہ کبھی کسی کھیل کود میں حصّہ لیا اور نہ ہی گھر سے باہر قدم نکالا، ہمیشہ اپنی والدہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے پاس بیٹھی رہتیں۔ ان سے اور حضرت رسول اکرمؐ سے ایسے سوالات پوچھتیں جن سے آپؓ کی ذہانت و فطانت کا ثبوت ملتا ہے۔ آپؓ دنیا کی نمود و نمائش سے نہایت نفرت کرتی تھیں۔ سادہ حالت میں رہنا پسند فرماتی تھیں۔ بچپن ہی سے آپؓ کی حرکات و سکنات سے خدا دوستی اور بے نیازی کا

اظہار ہوتا تھا۔

حضرت بی بی فاطمہؓ اپنے شوہر اور بچوں کی خدمت کے علاوہ گھر کے تمام کام خود کیا کرتی تھیں۔ کھانا پکاتیں، برتن صاف کرتیں، جھاڑو دیتیں، غلّہ صاف کرتیں اور اپنے ہاتھوں سے چکّی سے آٹا پیستیں، جس سے آپ ؓ کے ہاتھوں میں گٹّے پڑ گئے تھے۔ گھر کے کاموں کے علاوہ عبادت بھی کثرت سے کرتیں تھیں۔

حضرت بی بی فاطمہؓ کی زندگی بڑی تکلیف سے بسر ہوتی تھی، لیکن انہوں نے دولت کی کبھی خواہش نہیں کی۔ گھر میں کھانا نہ ہوتا تو آپؓ فاقہ کر لیتیں، لیکن کسی کو معلوم نہ ہوتا تھا کہ آج حضورؐ کی بیٹی کے گھر فاقہ ہے۔ جب بھی موقع ملتا غریبوں کی مدد کرتیں۔ کئی بار ایسا ہوتا کہ آپؓ اور بچّے فاقے سے ہیں، کھانے کا سامان مہیا ہوا، لیکن اسی وقت کسی غریب مسافر نے گھر آ کر کھانے کا سوال کیا تو آپؓ نے سارا کھانا اس غریب مسافر کے حوالے کر دیا۔ اور خود آپؓ کے گھر فاقہ رہا۔

حضرت محمدؐ اپنی بیٹی کو بہت چاہتے تھے اور آپؐ کا خیال کرتے تھے۔ جب کبھی حضرت بی بی فاطمہؓ حضرت نبی کریمؐ سے ملنے آتیں حضورؐ اپنی چادر بچھا کر اپنی بیٹی کو بٹھا دیتے تھے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپؐ کو اپنی بیٹی بی بی فاطمہؓ سے کس قدر محبت تھی۔

جب بھی عرب کی عورتیں حضرت بی بی فاطمہؓ سے ملنے آتیں تو آپؓ انہیں ایمانداری، خدمت گزاری اور محبت کی تعلیم دیتیں۔ آپؓ کے ایثار اور قربانی نے لوگوں کے دِلوں کو موہ لیا تھا۔ سب آپؓ کی عزّت اور احترام کرتے تھے۔ عورتیں اپنی مصیبت کے وقت آپؓ سے مدد مانگتیں اور صلاح لیتیں۔ آپؓ انہیں کبھی مایوس نہ کرتیں۔ حضورؐ کا ارشاد ہے، ''بی بی فاطمہؓ دنیا کی بہترین عورت ہے''۔ آپؓ کی ان ہی خوبیوں کی وجہ سے آپؓ کو ''خاتونِ جنّت'' ہونے کا شرف حاصل ہے۔

غور کیجئے:

لقب : وہ نام جو کسی خاص وصف کی وجہ سے عوام کی جانب سے دیا گیا ہو۔

مثلاً: زہرہ، بتول، ذکیہ، طاہرہ، کلیم اللہ، ذبیح اللہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خطاب: وہ نام جو کسی دربار یا سرکار کی طرف سے کسی خدمت کے صلے میں دیا گیا ہو۔

مثلاً: بھارت رتن، سر، پدم بھوشن، پدم شری

تخلص: وہ چھوٹا سا نام جسے شاعر عموماً اپنے کلام کے آخری شعر میں استعمال کرتا ہے۔

مثلاً: مِیرؔ، جگرؔ، فیضؔ، اِقبالؔ

عرف: وہ چھوٹا سا نام جسے گھر والے استعمال کرتے ہیں۔

مثلاً: منّی، منّا، چھوٹو، پیارو

کنیت: عربی طرز کا وہ نام جس میں نام سے پہلے اُبو۔ اُم۔ابن۔بنت۔ پایا جائے۔

مثلاً: اَبُو طالِبؑ، اُمِ ہانی، ابنِ مریم، بِنتِ حوّا

الفاظ و معنی:

سَروَر = سردار، بادشاہ

کائنات = دُنیا

صاحب زادی = بیٹی

متین = سنجیدہ، لطیف

ذہانت = عقل مندی، چالاکی

فَطانت = عقل مندی

نمود = نشان، علامت

بے نیاز = پرواہ نہ کرنے والا/ والی

غلّہ = اناج

گُتّے = نشان

فاقے = بھوکا رہنا

شرف = عِزّت

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یاد رکھئے:

زہرہ = روشن، ستارے کا نام

بتول = کنواری

طاہرہ = پاک

مطہرہ = پاک صاف

ذکیہ = تیز فہم عورت، ہوشیار عورت

القاب = وَصفی نام، لقب کی جمع

©NTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I (الف): اِن سوالوں کے ایک جملے میں جواب لکھئے:

۱) حضرت محمدؐ کی سب سے چھوٹی صاحب زادی کون ہیں؟

۲) حضرت بی بی فاطمہؓ کے مشہور القاب کون کونسے ہیں؟

۳) حضرت بی بی فاطمہؓ کا نکاح کن سے ہوا؟

۴) حضرت بی بی فاطمہؓ کے بیٹوں کے نام کیا ہیں؟

(ب): اِن سوالوں کے تین تا چار جملوں میں جواب لکھئے:

۱) حضرت بی بی فاطمہؓ گھر کے کون کونسے کام انجام دیتی تھیں؟

۲) حضرت بی بی فاطمہؓ کی زندگی کس طرح بسر ہوئی؟

۳) حضرت بی بی فاطمہؓ عرب کی عورتوں کو کیا تعلیم دیتی تھیں؟

۴) حضرت بی بی فاطمہؓ کو خاتونِ جنّت کیوں کہا جاتا ہے؟

II (الف): جدول میں دیے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی واحد و جمع پہچان کر لکھیے:

خاتون	علماء	ذاکر	شاکر	اصحاب	صحابیہ	فقیر	قوانین	لقب	قلوب	اذکیا	ذکر	حضرت	مومنہ
حضرات	ذکیہ	القاب	قانون	شاکرین	مومنات	اذکار	خواتین	فقراء	عالم	صاحب	ذاکرین	قلب	صحابیات

(ب): جدول میں دیے گئے مذکر اور مونث الفاظ علاحدہ کیجیے:

لفظ	نام	کائنات	قلب	فقرہ	لقب	قلم	کِتاب	ذِکر	فِکر	اشارہ

(ج): جدول میں دیے گئے متضاد الفاظ سے ایک دوسرے کی ضد پہچان کر لکھیے:

انکار	امیر	مشہور	آقا	زوال	کثرت	مونث	اقلیت	کامیابی
قِلّت	غلام	مذکر	اکثریت	ناکامی	عروج	اقرار	گمنام	غریب

(د): خانہ پری کیجیے:

۱) حضرت بی بی فاطمہؓ بڑی .....خاتون تھیں۔

۲) حضرت بی بی فاطمہؓ کی والدہ کا نام.....ہے ۔

۳) حضرت بی بی فاطمہؓ نے..... کی کبھی خواہش نہیں کی ۔

۴) حضورؐ اپنی.....بچھا کر آپؓ کو بٹھا دیتے تھے۔

۵) حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ بی بی فاطمہؓ دنیا کی.....عورت ہے۔

۶) حضرت فاطمہؓ گھر کے کاموں کے علاوہ.....بھی کثرت سے کرتی تھیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


III (الف):مثال کے مطابق لاحقہ ''دار'' کی مدد سے نیچے دئے گئے الفاظ سے مرکبات بنایئے۔

مثال:۔مال+دار = مالدار



(ب): مثال کے مطابق دائرے میں دئے گئے حرف ''و'' کی مدد سے مرکب الفاظ بنائے۔

مثال:۔ امیر+و +غریب = امیروغریب



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

(ج): مثال کے مطابق ایسے الفاظ لکھئے جنہیں الٹ کر بھی لکھیں تو وہ لفظ بنتا ہو۔

مثالیں = درد، گدگ

۱) .....

۲) .....


۳) .....

۴) .....


۵) .....

(د): مثال کے مطابق خالی چوکور میں مناسب حروف لکھ کر بامعنی لفظ بنائیے۔

مِثال= مہتاب، بیتاب




۱)




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


۲)




۳)



۴)



۵)



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

قواعِد

اُردو قواعد کو چار حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

۱) علمِ حُروف، علمِ ہجا یا حروفِ تہجّی

۲) علمِ صرف

۳) علمِ نحو

۴) علمِ عروض

۱) عِلمِ حروف = علمِ حروف وہ علم ہے جس میں حروف تہجی کی شکل وصورت، حرکات وسکنات اور تلفظ سے متعلق بحث کی جاتی ہے۔

۲) علمِ صرف = علمِ صرف وہ علم ہے جس میں لفظوں کی تبدیلی، اور کلمے بنانے کا طریقہ بیان کیا جاتا ہے۔

۳) علمِ نحو = علمِ نحو وہ علم ہے جس میں لفظوں اور جملوں کے آپسی تعلق کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔

۴) علمِ عَروض = شاعری میں اوزان اور اس کے علم کو علمِ عروض کہتے ہیں۔

ضمنی مضمون

مضمون پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

اَخلاق کی اَہمیت

اللہ تبارک تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں ہمارے پیارے رسول حضرت محمد ﷺ کے نہایت ہی اعلیٰ اخلاق کی گواہی دی ہے۔ یعنی اِنّکَ لعلیٰ خلُقٍ عظیم۔ بے شک آپؐ بلند اخلاق پر قائم ہیں۔ اچھے اخلاق دین وایمان کا لازمی حِصہ ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بلندی سے گرا ہوا اِنسان اُٹھ سکتا ہے لیکن اخلاق کی سطح سے گرا ہوا اِنسان کبھی اٹھ نہیں سکتا۔ نیک اخلاق دراصل وہ خوشبو ہے جس سے معاشرہ مہک اٹھتا ہے۔ اور بُرے اخلاق وہ بدبو ہے جس سے ہر کوئی بچنا چاہتا ہے۔

حضور اکرمؐ کا فرمان ہے۔ میرا اس دنیا میں روانہ کئے جانے کا مقصد اچھے اخلاق کی تکمیل ہے۔ تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جس کے اخلاق اچھّے ہوں۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ ''قیامت کے دِن ترازو میں زیادہ وزنی چیز اخلاق ہوگی۔''

© KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

حضرت محمدؐ کے اخلاق سے متعلق کسی نے حضرت بی بی عائشہؓ سے دریافت کیا۔ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا ''کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا''؟۔ یعنی آپؐ کے اعلیٰ اخلاق قرآن کریم کا مکمل نمونہ تھے اور آپؐ کی ساری زندگی قرآن کریم کی مکمل تفسیر ہے۔

موجودہ دور میں اچھّے اخلاق کی کمی ہے۔ ہر طرف بداخلاقی کے امراض پھیل رہے ہیں ۔ حَسدُ، بغض، کینہ و کدُورت، عداوت و دشمنی، بے شرمی و بے حیائی کا بازار گرم ہے۔

اب اس بات کی ضرورت ہے کہ اخلاقی تعلیم کے ذریعہ محبت و الفت، سَچّائی و ایمانداری اور حُسن و اخلاق کو عام کیا جائے۔

سوالات:

۱) حضور اکرمؐ کے اخلاق کی گواہی کس نے دی ہے؟

۲) نیک اخلاق کی مِثال کیسی ہوتی ہے؟

۳) حضرت بی بی عائشہؓ نے حضور اکرمؐ کے اخلاق سے متعلق کیا جواب دیا؟

۴) موجودہ دور میں پھیلی برائیوں کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

اکائی
II

سبق
3

I3N1V3

اُردو زَباں ہماری

اشارے

اُردو زبان کو عالم گیر شہرت حاصل ہے۔ دنیا میں بولی، سمجھی پڑھی اور لکھی جانے والی زبانوں میں اُردو کبھی دوسرے تو کبھی تیسرے مقام پر اپنی جگہ بنانے میں کامیاب رہی ہے۔ اُردو میں موجود شیرینی، لطافت، دلکشی، حُسن و خوبصورتی اور لچک ہی اس زبان کی مقبولیت کا باعث ہے۔ داغؔ دہلوی نے بالکل بجا کہا ہے۔

اُردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغؔ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

زیرِ مطالعہ نظم میں اردو کی انہی خوبیوں کا تذکرہ ملے گا۔ بچّوں کو اس کی چاشنی اور لطافت سے متعارف کرنے میں یہ نظم یقیناً معاون ہوگی۔

NOT TO BE REPUBLISHED

ساری زباں سے پیاری — اُردو زباں ہماری
پھُولوں کی انجمن سی — تاروں بھرے گگن سی
ہے آبشار جیسی — بجتے ستار جیسی
الفاظ میں روانی — دریا کا جیسے پانی
خوشبو کی کان ہے یہ — میٹھی زبان ہے یہ

ہیں حرف حرف ایسے تتلی کے رنگ جیسے
کوئل جو کوکتی ہے اُردو ہی بولتی ہے
لیڈر ہوں ، ڈاکٹر ہوں بچّوں کے ماسٹر ہوں
سب کی سماعتوں پر جھڑتی ہے پھول بن کر

ساری زبان سے پیاری
اُردوُ زباں ہماری

شرافت حُسین

الفاظ و معنی:

انجمن = محفل
گگن = آسمان
آبشار = جھرنا، کسی اونچی جگہ سے گرنے والا پانی
سِتار = موسیقی کا ایک آلہ جس میں تین تار ہوتے ہیں
روانی = بہاؤ
کان = معدن، وہ جگہ جہاں سے کھود کر جواہر یا دھات نکالی جاتی ہے
سماعتوں = سماعت کی جمع، سُننے کی طاقت

I (الف): ان سوالوں کے ایک جملے میں جواب لکھئے:

۱) ساری زبانوں سے پیاری کونسی زبان ہے؟
۲) اُردو الفاظ کی روانی کیسی ہے؟
۳) اُردو کے حروف کیسے ہیں؟
۴) سننے والوں کے کانوں پر اُردو کا کیا اثر ہوتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): اِن سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے:

۱) شاعر نے اُردو زبان کو کن کن ناموں سے یاد کیا ہے؟

۲) اُردو زبان کی خوبیاں بیان کیجئے۔

II (الف): جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی واحد اور جمع پہچان کر اُن کی فہرست بنایئے:

زبان	تتلیاں	کانیں	آسمان	انجمنیں	تارے	آبشار	سماعتوں
آبشاروں	سماعت	تارہ	کان	آسمانوں	تتلی	زبانیں	انجمن

(ب): جدول میں دئے گئے الفاظ میں سے مذکر اور مونث علاحدہ کیجئے:

پھول	گگن	دریا	زبان	انجمن	حرف	کوئل	جادو	سماعت	سِتار

(ج): جدول میں دئے گئے متضاد الفاظ کی جوڑیاں بنایئے:

نیک	میٹھا	اچھّا	شیریں	بَدبو	کاذِب	سچّا	مصنوعی
بُرا	خوشبو	قدرتی	جھوٹا	بد	کھٹّا	صادِق	تلخ

(د): جوڑ لگایئے:

"الف"	"ب"
۱) پھولوں کی انجمن سی	a) دریا کا جیسے پانی
۲) سب کی سماعتوں پر	b) تتلی کے رنگ جیسے
۳) ہیں حرف، حرف ایسے	c) میٹھی زبان ہے یہ
۴) الفاظ میں روانی	d) تاروں بھری گگن سی
۵) خوشبو کی کان ہے یہ	e) جھڑتی ہے پھول بن کر

NOT TO BE REPUBLISHED @ TES

III (الف): ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

(۱) انجمن (۲) خوشبو (۳) آبشار (۴) میٹھی (۵) گگن

(ب): قوسین میں دئے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چُن کر خانہ پُری کیجئے:

(زبان، انجمن، سِتار، روانی، گگن، رنگ)

۱) تتلی کے.....

۲) میٹھی.....

۳) بجتے.....

۴) تاروں بھرا.....

۵) الفاظ میں.....

۶) پھولوں کی.....

(ج): مندرجہ ذیل الفاظ میں چند دوسرے الفاظ بھی پوشیدہ ہیں۔ مثال کے مطابق انھیں تلاش کریں اور لکھیں۔

مثال: ڈاکٹر = ڈاک

۱) دریا =

۲) لیڈر =

۳) سِتار =

۴) آسمان =

۵) خوشبو =

۶) آبشار =

۷) اُردو =

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د): مثال کے مطابق دیئے گئے الفاظ سے تعلق رکھنے والے زیادہ سے زیادہ الفاظ بنایئے:

مثال: پھول = چمپا، چمیلی، گلاب، کنول، موگرا، گیندا

۱) پرندہ =

۲) جانور =

۳) زبان =

۴) رنگ =

۵) دریا =

(ھ): عام بول چال میں استعمال ہونے والے ان جملوں کو صحیح اردو میں لکھئے:

۱) کلاس میں پورے بچّے مل کو بہوت غُل مچاریں۔

۲) اسکول ہمارے گھر کے نزدیچ ہے۔

۳) تمارے ابّا کو کیتّا درماہ؟

۴) مسجد کے امام صاب عربی اچھا پڑاتیں۔

IV: مختلف زبانوں میں دِنوں کے اِن ناموں کو پڑھئے اور یاد رکھئے:

شمارہ نمبر	اُردو	فارسی	انگریزی	ಕನ್ನಡ
1	اتوار	یکشنبہ	Sunday	ಭಾನುವಾರ
2	پیر	دوشنبہ	Monday	ಸೋಮವಾರ
3	منگل	سہ شنبہ	Tuesday	ಮಂಗಳವಾರ
4	چہارشنبہ	چہارشنبہ	Wednesday	ಬುಧವಾರ
5	جمعرات	پنج شنبہ	Thursday	ಗುರುವಾರ
6	جمعہ	جمعہ	Friday	ಶುಕ್ರವಾರ
7	ہفتہ	شنبہ	Saturday	ಶನಿವಾರ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V: کیا آپ جانتے ہیں ؟ لکھئے اور یاد رکھئے:

انگریزی	اردو/فارسی	رومن	کنڑا
1	۱	I	೧
2	۲	II	೨
3	۳	III	೩
4	۴	IV	೪
5	۵	V	೫
6	۶	VI	೬
7	۷	VII	೭
8	۸	VIII	೮
9	۹	IX	೯
10	۱۰	X	೧೦

☆ اِن کو یاد رکھئے:

ایک	یکم	One	ಒಂದು
دو	دُوم	Two	ಎರಡು
تین	سُوم	Three	ಮೂರು
چار	چہارم	Four	ನಾಲ್ಕು
پانچ	پنجم	Five	ಐದು
چھ	ششم	Six	ಆರು
سات	ہفتم	Seven	ಏಳು

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಎಂಟು	Eight	ہشتم	آٹھ
ಒಂಭತ್ತು	Nine	نوم	نو
ಹತ್ತು	Ten	دہم	دس

ضمنی مضمون

نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

اُردو

ہمیں جان و دل سے ہے پیاری زباں — یہ اُردو زباں ہے ہماری زباں
یہ شیریں دلِ آویز، میٹھی زباں — بہت خوب، صاف ستھری زباں
یہ دنیا میں مقبول ہے آج کل — یہ سب مانتے کہ ہے بے بدل
ہر اک صوبہ کرتا ہے اس کو پسند — کہ اُردو زباں کا ہے رُتبہ بلند
ہوئی ذوقؔ و غالبؔ سے نشو و نما — اُنہوں نے ہی اردو کو روشن کیا
پھر اقبالؔ و حالیؔ نے بخشا نکھار — گئے جوشؔ اور فیضؔ اس کو سنوار
ہماری دُعا ہے — چمکتی رہے
یہ اُردو زباں ہے — دمکتی رہے

زاہدالحسن زاہدؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوالات:

۱) نظم میں شاعر نے اردو کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

۲) اُردو زبان کو کہاں کہاں پسند کیا جاتا ہے؟

۳) نظم میں مستعمل شاعروں کے نام گنوایئے۔

☆☆☆

اکائی
II

سبق
4

H8V7U3

وِدھان سودھا



اِشارے:

کھیل کود ہی کی طرح تعلیمی سیر بھی نصابِ تعلیم کا ایک اہم حصّہ ہے۔ جماعت کی چار دیواری سے باہر بچّہ معاشرتی زندگی کی اہمیت سے آگاہ ہونے کے علاوہ مناظرِ قدرت اور اِنسان کے کارہائے نمایاں سے بخوبی واقف ہوگا۔

زیرِ مطالعہ مضمون میں ہماری ریاست کی راجدھانی بنگلورو میں واقع وِدھان سودھا سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ مضمون کے مطالعہ سے بچّے وِدھان سودھا کی اہمیت سے واقف ہوں گے۔ اس کے علاوہ ان کے جذبہ مسرت وافتخار کو جلا بھی ملے گی۔

تعلیمی سیر کے سلسلے میں سرکاری اردو پرائمری اسکول سری رنگا پٹن کی چھٹّی جماعت کے بچّوں کا قافلہ اپنے استادِ محترم کی نگرانی میں بنگلورو کے بنّر گٹّہ نیشنل پارک، لال باغ، کبّن پارک، وِیشویشورّیا عجائب گھر، جواہر لال نہرو پلانیٹوریم وغیرہ مقامات کی سیر کے بعد وِدھان سودھا پہنچتا ہے۔ بچّے اِس عالی شان عمارت کو دیکھ کر حیرت اور مسّرت کا اظہار کرتے ہیں۔

@KSEEB NOT TO BE RE PUBLISHED

استاد: پیارے بچّو! اب ہم ہماری تعلیمی سیر کی آخری منزل پر پہنچے ہیں۔ یہ وِدھان سودھا ہے۔ اس عالی شان عمارت میں ہماری ریاستی حکومت کے تمام کام کاج ہوتے ہیں۔ اسی مقام سے قانون جاری کئے جاتے ہیں۔ ہمارے وزیر اعلیٰ اور دوسرے وزراء یہیں سے حکومت کرتے ہیں۔

عِماد: جناب! وِدھان سودھا کو کس نے اور کب بنایا؟

اُستاد: 1951ء میں وِدھان سودھا کو ہماری ریاست کے وزیر اعلیٰ شری کینیگل ہنومَنتّیا کے دور حکومت میں بنوایا گیا۔ اس کا سنگ بنیاد ہمارے ملک کے پہلے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے 13 جولائی 1951ء کو رکھا۔

عِماد: جناب! کیا یہ عمارت کسی خاص عمارت سے متاثر ہو کر بنائی گئی ہے؟

اُستاد: نہیں! شری کینیگل ہنومَنتّیا وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے روس، امریکہ، یوروپ وغیرہ ممالک جایا کرتے تھے۔ وہاں انہوں نے بہت سی خوبصورت عمارتیں دیکھیں۔ انہوں نے محسوس کیا کہ ہماری ریاست کے لئے ایک شاندار سرکاری عمارت کی ضرورت ہے۔ وِدھان سودھا دراصل مختلف عمارتوں اور تمدنوں کا مِلا جلا مرقّع ہے۔

شاداب: جناب! کیا دوسری ریاستوں میں بھی ودھان سودھا جیسی شاندار عمارتیں موجود ہیں؟

اُستاد: نہیں! حکومت کے کام چلانے کے لئے ودھان سودھا جیسی خوبصورت عمارت ہندوستان میں کہیں نہیں ہے۔

شاہدہ: جناب! کیا وِدھان سودھا کا نقشہ شری کینیگل ہنومَنتّیا نے ہی تیار کیا تھا؟

اُستاد: نہیں! اس کے مشہور معمار بی۔ آر۔ مانِکّم ہیں۔

عِماد: جناب! ودھان سودھا کا رقبہ کتنا ہے؟ اور یہ عمارت کتنی منزلوں پر مشتمل ہے؟

اُستاد: ودھان سودھا کا زمینی رقبہ پانچ لاکھ، پانچ ہزار پانچ سو پانچ مربع فیٹ ہے۔ عمارت، سطح زمین پر چار اور زیر زمین ایک منزل پر مشتمل ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اَرفع : جناب! اس عمارت کی اونچائی کتنی ہوگی؟

استاد : اُس کی اونچائی 150 فٹ یعنی 46 میٹر ہے۔

ثُمیّہ : جناب! سامنے جو بارہ عالی شان ستون دکھائی دے رہے ہیں۔ان کی اُونچائی کتنی ہوگی؟

استاد: ان ستونوں کی اونچائی 40 فٹ ہے۔

سَعدیہ : عِمارت کے بیچوں بیچ جو عالی شان گنبد نظر آ رہا ہے، اس کا رقبہ کتنا ہوگا؟

اُستاد: درمیانی گنبد کا قطر 60 فُٹ ہے۔

شہباز: جناب! ہمارے اراکین اسمبلی یعنی ایم۔ایل۔ایز ودھان سودھا میں کہاں بیٹھتے ہیں؟

اُستاد: وِدھان سودھا کے بیچوں بیچ دوسری اور تیسری منزل کے درمیان ایک وسیع ہال بنا ہوا ہے۔اس ہال کو اسمبلی ہال کہا جاتا ہے، ہمارے اراکین وہاں اِکھٹا ہوتے ہیں اور اسمبلی کی کاروائیوں میں حصہ لیتے ہیں۔اس کے اُوپر بھی ایک وسیع ہال ہے۔جس میں قانون ساز کونسل (ایم ایل سی) کی کاروائیاں ہوتی ہیں۔ان ہی دو جگہوں سے ہماری ریاست اور اس کی عوام کے لئے درکار قوانین بنائے جاتے ہیں۔اگر اس وقت اسمبلی یا کونسل کی کاروائیاں چل رہی ہوتیں تو ہم ہمارے ایم ایل اے صاحب کی سفارش پر اندر جا کر ان کاروائیوں کو دیکھ سکتے تھے۔

اَسماء: جناب! ودھان سودھا کی تعمیر پر کتنا خرچ ہوا ہوگا؟

اُستاد: ودھان سودھا کی تعمیر میں اس وقت پونے دو کروڑ روپئے خرچ ہوئے تھے ۔لیکن اب اسکی دیکھ بھال، مرمّت، رنگ وروغن وغیرہ کے لئے ہی سالانہ دو کروڑ روپئے خرچ ہوتے ہیں۔

ثوبیہ: جناب ! کیا پونے دو کڑوڑ روپئے کینیگل ہنومَنتّیا نے اپنی جانب سے دئے تھے؟

اُستاد: نہیں ! یہ تو سرکاری عمارت ہے۔اور سرکار کا پیسہ عوام کا پیسہ ہوتا ہے۔عوام سے ٹیکس کے ذریعہ جو روپئے وصول کئے جاتے ہیں وہ سرکاری خزانے میں جمع کئے جاتے ہیں۔

عِماد : جناب! ودھان سودھا میں کون کونسے دفتر موجود ہیں؟

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTES

اُستاد: ودھان سودھا میں وزیرِاعلیٰ کا دفتر، وزراء کے دفاتر، اسپیکر کا دفتر، کونسل چیرمین اوران کے علاوہ مختلف محکموں کے اعلیٰ معتمدوں کے دفاتر بھی موجود ہیں۔

(اُستاد اور طلباء لوٹنے لگے تو شام ہو چکی تھی۔ انہوں نے دیکھا کہ برقی قمقموں سے پوری عمارت روشنی سے جگمگا اٹھی ہے۔)

شاہدہ: جناب! کیا ہر روز ودھان سودھا کو اسی طرح برقایا جاتا ہے؟

اُستاد: اس عمارت کو ہر روز برقایا نہیں جاتا، بلکہ کچھ خاص دنوں میں جیسے قومی تہواروں، کنڑا راجیہ اتسوا اور کبھی کبھار عام تعطیلات میں یہاں ایسی روشنی کا انتظام کیا جاتا ہے کل چوں کہ یوم جمہوریہ تھا اس لئے ودھان سودھا کو برقایا گیا ہے۔

عِماد: جناب! کیا ودھان سودھا کی عمارت جیسی اور کوئی عمارت نہیں ہے؟

اُستاد: بہت خوب! تم نے بہت اچھا سوال کیا ہے۔ دفاتر کے لئے جگہ کی کمی کی وجہ سے حکومتِ کرناٹک نے ودھان سودھا ہی کے نمونے پر اس کے بالکل قریب جنوب میں وکاس سودھا نامی عمارت بھی تعمیر کروائی ہے۔ تم اُسے دیکھ سکتے ہو۔ حکومت کرناٹک نے اب شمالی کرناٹک کے شہر بیلگاوی میں 395 کروڑ روپوں کی لاگت سے سُورنا سودھا بنوایا ہے، جس کا حال ہی میں صدر ہند نے افتتاح کیا۔ اس کے علاوہ ودھان سودھا ہی کے نمونے پر ہر ضلع اور تعلقہ کے صدر مقام پر عمارتیں بنوائی گئی ہیں، انہیں مِنی ودھان سودھا کہتے ہیں۔

عِماد: جناب! سامنے عمارت کے اُوپر کچھ لکھا ہوا ہے! اس کا مطلب کیا ہے؟

اُستاد: اُس پر لکھا ہوا "Government work is God's work" ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ ''کارِ حکومت کارِ خدا ہے''۔ اس پر ہم اِنشاء اللہ پھر کبھی بحث کریں گے۔

قافلہ لوٹنے ہی والا تھا کہ ثانیہ نے استاد سے سوال کیا۔

ثانیہ: جناب! یہ سامنے جو لال عمارت دکھائی دے رہی ہے، کونسی عِمارت ہے؟

استاد: یہ ہماری ریاست کا ہائی کورٹ ہے جسے اردو میں عدالتِ عالیہ کہتے ہیں۔ اسے اٹھارہ کچہری بھی کہا جاتا ہے۔ اِنشاء اللہ ہم اس پر کسی دوسرے وقت گفتگو کریں گے۔

© KSTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

متاثر = اثر قبول کرنا

تمدّن = مِل جل کر رہنے کا طریقہ

مربع = جِس کا طول اور عرض برابر ہو

قطر = خط مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے۔

معمار = عمارت بنانے والا

مرمت = دُرستی

I (الف): اِن سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

۱) وِدھان سودھا کو کس نے اور کب بنوایا؟

۲) وِدھان سودھا کا سنگ بنیاد کس نے اور کب رکھا؟

۳) وِدھان سودھا کے معمار کون ہیں؟

۴) وِدھان سودھا کی اُونچائی کتنی ہے؟

۵) وِدھان سودھا کا رقبہ کِتنا ہے؟ اور یہ کتنی منزلوں پر مشتمل ہے؟

۶) اسمبلی ہال کسے کہتے ہیں؟

۷) وِدھان سودھا کی تعمیر پر کتنا خرچ آیا تھا؟

۸) وِدھان سودھا کو کن موقعوں پر برقایا جاتا ہے؟

(ب): اِن سوالوں کے دو تا تین جملوں میں جواب لکھئے:

۱) کینیگل ہنومَنتیّا کے ذہن میں ودھان سودھا کی تعمیر کا تصور کب اور کیسے آیا؟

۲) وِدھان سودھا میں کون کونسے دفتر موجود ہیں؟

۳) وِدھان سودھا میں اراکین اسمبلی کہاں اکٹھّا ہوتے ہیں؟ اور کیوں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II (الف): جدول میں دیئے گئے الفاظ میں سے ایک دوسرے کی واحد اور جمع تلاش کر کے فہرست بنایئے:

تصوّر	دفاتر	وزراء	ممالک	اوقات	تصاویر	امیر	منزل	عمارت
ملک	تصویر	منازل	تصوّرات	وزیر	عمارتیں	دفتر	اُمراء	وقت

(ب): جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی ضد پہچان کر فہرست بنایئے:

شب	شاہ	اوّل	جدید	عام	شام	عرض	عروج
قدیم	صبح	طول	خاص	زوال	روز	آخر	گدا

(ج): جدول میں دئے گئے الفاظ سے مذکر و مونث علاحدہ کر کے فہرست بنایئے:

رقبہ	چادر	روز	فہرست	دِن	منزل	ضِد	مِثال	مندر	چاقو

III (الف): مِثال کے مطابق غیر متعلق الفاظ کی نشاندہی کیجئے:

مِثال : وِدھان سودَھا، تاج محل، قُطب مینار، علامہ اقبالؔ = علامہ اقبالؔ

۱) چمپا، گلاب، نیم، موگرا = ...

۲) غالِبؔ، میرؔ، تیندولکر، داغؔ = ...

۳) دہلی، بنگلورو، تاج محل، حیدرآباد = ...

۴) روٹی، موت، پھل، ترکاری = ...

۵) سائنس دان، اگال دان، ریاضی دان، تاریخ دان = ...

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): جملوں کو صحیح ترتیب میں لکھئے:

۱) مقام جاری اسی جاتے قانون کئے سے ہیں۔

۲) ہوگی اونچائی عمارت کی اس کتنی؟

۳) خرچ ودھان سودھا آیا تعمیر ہوگا کی کتنا میں؟

۴) ودھان سودھا ہے ملا جلا عمارتوں کا مختلف دراصل تصور۔

۵) ریاست اس وقت ودھان سودھا کے وزیر اعلیٰ ہنومنتیا بنوایا نے کو کنیگل۔

(ج): مِثال کے مطابق نیچے دیے گئے اشاروں کی مدد سے چوکور کے ذریعہ جدول میں مختلف الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔ ان الفاظ کو آپ اوپر سے نیچے، نیچے سے اوپر، دائیں سے بائیں، بائیں سے دائیں کہیں بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

ا	ت	ر	ا	م	ع	غ	و
ع	و	ر	ت	خ	م	ر	ز
ظ	ہ	و	ر	ز	ا	ق	ے
م	ف	ل	و	ن	د	ص	ر
ا	و	ل	ز	ن	و	ت	س
و	ز	ق	ت	ر	و	ر	ض
و	و	م	ح	ل	ز	ن	م
ا	س	م	ل	د	م	ح	ر

مثال: نُور، صور، عِماد،

اول، سوز، رزاق،

اسم، روز، منزل،

عورت، مخزن، غرق،

اعظم، ستون، ظہور،


عمارت، رحم دل، ضرورت،

محل


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نیچے سات الفاظ دیئے گئے ہیں، ہر لفظ کے پہلے حرف کو دوسرے لفظ کے پہلے حرف سے ملاتے ہوئے دائرہ میں ایک نیا لفظ لکھئے:


مِثال:




(۱)



(۲)



(۳)



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

کسی بھی زبان کی پہچان اس میں استعمال ہونے والی آوازوں، الفاظ، حروف اور ان کی تحریری شکل سے ہوتی ہے۔ حروف کو با قاعدہ ملا کر لکھنے سے لفظ بنتا ہے۔ ہر لفظ کے کوئی نہ کوئی معنی ضرور ہوتے ہیں۔ حروف کی آوازوں اور ان کی تحریری شکل کو علم ہجّا کہتے ہیں اور حروف کے مجموعے کو حروف تہجی، اُردو زبان میں حروف کی دو قسمیں ہیں۔ (1) سادہ حروف (2) مخلوط حروف

سادہ حروف:

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ
س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک
گ ل م ن و ہ ء ی ے

مخلوط حروف:

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ

آواز کے لحاظ سے حروف کی دو قسمیں ہیں:

(1) حروف عِلّت (2) حروف صحیح

حروف عِلّت:

حروفِ عِلّت ایسے حروف ہیں جن کی آواز بغیر کسی رکاوٹ کے ادا ہوتی ہے۔
یہ صرف تین ہیں۔ (1) الف (2) واؤ (3) ی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حروفِ صحیح:

حروفِ صحیح ایسے حروف ہیں جن کی آواز رکاوٹ کے ساتھ ادا ہوتی ہے۔

'الف، واؤ، اور ی' کو چھوڑ کر تمام حروف، حروفِ صحیح کہلاتے ہیں۔

شمسی حروف اور قمری حروف:

(۱) شمسی حروف:

شمسی حروف ایسے حروف ہیں جن کے پہلے (ال) لکھا جاتا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔

ان کی تعداد چودہ (۱۴) ہے۔

ت، ث، د، ذ، ر، ز، س،

ش، ص، ض، ط، ظ، ل، ن

جیسے السلام (ال+سلام)

عبدالستار = عبد+ال+ستار، لیکن پڑھا جاتا ہے عبدُ+س+ ستّار

(۲) قمری حروف:

قمری حروف ایسے حروف ہیں جن کے پہلے (ال) لکھا جاتا ہے اور پڑھا بھی جاتا ہے۔

ان کی تعداد چودہ (۱۴) ہے۔

ا، ب، ج، د، ح، خ، ع،

غ، ف، ق، ک، م، و، ی

مثلاً: عیدالاضحیٰ ۔ (عید+ال+اضحیٰ)

بیت المال ۔ (بیت+ال+مال)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ضمنی مضمون

تاج محل

مضمون پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔



تاج محل کا شمار دنیا کے سات عجائبات میں ہوتا ہے۔ تاج محل آگرہ میں دریائے جمنا کے کنارے واقع ہے۔ یہ ایک شاندار مقبرہ ہے۔ اس کو مغل شہنشاہ شاہ جہاں نے اپنی چہیتی بیوی ممتاز محل کی یاد میں تعمیر کروایا تھا، جو صرف سینتیس (37) سال کی عمر میں اس دُنیا سے رخصت ہوگئی تھی۔

ممتاز محل کا اصلی نام ارجمند بانو تھا۔ ایک بار ممتاز محل بہت بیمار ہوئی اور بچنے کی کوئی امید نہ رہی۔ اس نے شاہ جہاں سے کہا کہ مرنے کے بعد میری قبر پر ایسی عمارت بنوانا جس کا دنیا میں کوئی ثانی نہ ہو۔ شاہ جہاں نے وعدہ کرلیا اور تاج محل کی تعمیر کروائی۔ اس کا نقشہ استاد عیسیٰ نے بنایا تھا۔

اس عمارت کو تعمیر کرنے میں ایک کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ 20 ہزار کاری گروں نے دن رات محنت کر کے تقریباً 22 سال میں مکمل کیا۔ اس کا حُسن 350 سال سے بدستور قائم ہے۔ پوری دنیا سے سیّاح اس کو دیکھنے کے لئے آتے ہیں اور اس کی تصویر اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ تاج محل کے اندر سنگ مرمر کی دو نمائشی قبریں ہیں۔ اصل قبریں نیچے تہ خانے میں ہیں۔ ایک قبر ممتاز محل کی اور دوسری شاہ جہاں کی ہے۔

تاج محل کی خوبصورتی چاندنی رات میں دوگنی ہوجاتی ہے۔ اُس وقت یہاں بہت رونق ہوتی ہے۔ آج شاہ جہاں اور ممتاز محل اس دنیا میں نہیں ہیں۔ لیکن تاج محل ان کی محبت کی بے مثال یادگار ہے۔ موقع ملے تو زندگی میں ایک بار تاج محل ضرور دیکھنا چاہیئے۔

سوالات:

۱) تاج محل کہاں واقع ہے؟
۲) تاج محل کو کس نے بنایا اور کیوں؟
۳) تاج محل کی تعمیر پر کتنا روپیہ خرچ ہوا؟
۴) تاج محل میں کس کس کی قبریں ہیں؟
۵) تاج محل کتنی مُدّت میں مکمل ہوا؟

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

اکائی
III

سبق
5

D5D4I3

ہِند وستانؔ

مولانا الطاف حسین حالؔی



NOT TO BE REPUBLISHED

اِشارے:

جذبہ حبُ الوطنی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک ہے۔ اگر یہ پاک جذبہ ملک کے ہر باشندے میں موجزن ہوتو ملک کی حفاظت کے تعلق سے کوئی شک وشبہ نہیں ہوسکتا۔ اس جذبہ کو جِلا اسی وقت مل سکتی ہے جب ہم اپنے ملک کی خوبیوں سے بخوبی واقف ہوں۔ ہندوستان دنیا بھر میں ایک عجیب وانوکھا ملک ہے جِس کی کوئی دوسری مثال نہیں مِلتی۔ ہمارے ملک کا جغرافیہ، اِس کا حُسن، خوبصورتی، عوام کا رہن سہن، فلسفہ، سُوچ وفِکر وغیرہ بے مثال ہیں۔ ہمارے ملک کی انہی خوبیوں کو مولانا الطاف حسین حالؔی نے اس نظم میں پیش کیا ہے۔

یہ نظم فطری شاعری کی عمدہ مثال ہے۔

یہ ہندوستان ، رشکِ خلدِ بریں　　اُگلتی ہے سونا وطن کی زمیں
کہیں کوئلے اور لوہے کی کان　　کہیں سرخ پتھر کی اونچی چٹان
کہیں سنگِ مرمر کی شفّاف سِل　　پھسلتا ہے جس کی صفائی پہ دل
بہت سے خزینے ہیں اس خاک میں　　ہزاروں دفینے ہیں اس خاک میں
ہماری گھٹائیں گہر بار ہیں　　ہمارے بیاباں بھی گلزار ہیں
بڑے رس بھرے ہیں ہمارے ثمر　　بہت ہی گھنے ہیں ہمارے شجر
گل و لالہ و یاسمیں کے ایاغ　　مہکتے ہوئے آم کے سبز باغ
لٹکتے ہوئے خوشے انگور کے　　چھلکتے ہوئے جام بلور کے
ہرے اور بھرے جنگلوں کی بہار　　جھلا جھل چمکتے ہوے ریگ زار
یہ سُورج کی کرنوں کا رنگیں جال　　کہ جس طرح فِطرت نے کھولے ہوں بال
افق سے ابلتا ہوا رنگ و نور　　فضاؤں میں پرواز کرتے طیور
کنول جھیل میں مسکراتے ہوئے　　چراغاں کا منظر دکھاتے ہوئے
تڑپتی ، مچلتی ہوئی بجلیاں　　سمندر میں ملتی ہوئی ندیاں
یہ نیلم اور الماس کے کوہسار　　یہ چاندی کے پگھلے ہوئے آبشار
یہ مخمل میں لپٹی ہوئی وادیاں　　ہمالہ کی گل پوش شہ زادیاں
یہ گنگا کا آنچل یہ جمنا کی ریت
یہ دھان اور گیہوں کے شاداب کھیت

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

مولانا الطاف حسین حالؔی :

الطاف حسین نام، حالؔی تخلص۔ حالؔی کا شمار اُردو کے مشہور شاعروں اور ادیبوں میں ہوتا ہے۔
آپ نے مسدّسِ حالؔی نامی نظم لکھ کر قوم کو جگانے اور صحیح راہ اختیار کرنے کا طریقہ بتایا۔
حالؔی ایک اچھّے شاعر اور نثر نگار ہونے کے علاوہ نقّاد اور مُصلح قوم ہیں۔ انہیں جدید اردو شاعری کا باوا آدم مانا جاتا ہے۔ حالؔی 1837ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ 1914ء میں وفات پائی۔

پڑھئے اور یاد رکھئے:

☆ قومی ترنگا پنگلی وینکیا نے تیار کیا۔
☆ قومی ترنگے کی لمبائی اور چوڑائی کا تناسب 3:2 ہے۔
☆ قومی ترنگے کو 22 جولائی 1947 میں منظور کیا گیا۔
☆ ترنگے میں دھرم چکر کا نشان سارانا تھ میں اشوک کے لاٹ سے لیا گیا۔
☆ دھرم چکر میں 24 اسپوک ہیں۔
☆ قومی ترانہ [جن، گن، من] رابندر ناتھ ٹیگور نے لکھا ہے۔
☆ قومی ترانہ 24 جنوری 1950 میں منظور کیا گیا۔
☆ قومی ترانے کو پہلی بار 27 دسمبر 1911 میں پڑھا گیا۔
☆ قومی ترانہ = جن گن من
☆ قومی کھیل = ہاکی
☆ قومی گیت = سارے جہاں سے اچّھا
☆ قومی نشان = چار ببر کا نشان
☆ قومی پرندہ = مور
☆ قومی جنتری = شکا [Saka]

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

☆ قومی جانور = شیر

☆ قومی جھنڈا = ترنگا

☆ قومی پھول = کنول

☆ قومی پھل = آم

الفاظ و معنی:

رشک = یہ آرزو کہ جو چیز دوسرے کو حاصل ہے وہ مجھے بھی مِل جائے

کان = معدن

سنگ = پتھر

شفاف = صاف ستُھرا

سِل = پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے

خزینہ = خزانہ

دفینہ = گڑا ہوا خزانہ

گہر = موتی

ثمر = پھل، میوہ

شجر = درخت

ایاغ = پیالہ، جام

خوشہ = گچھا

جام = پیالہ

بِلور = ایک چمک دار اور معدنی جوہر، صاف و شفاف، چمکدار

فطرت = قدرت

افق = آسمان کا کِنارہ۔ وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہوں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

طیور = پرندے، (طائر کی جمع)

چراغاں = کئی چراغوں کے ذریعہ روشنی کرنا

نیلم = نیلے رنگ کا قیمتی پتھّر

الماس = ہیرا، قیمتی جوہر

شاداب = ہرا بھرا، سبز، سیراب

مرکب الفاظ:

خلد بریں = جنّت کا سب سے اُونچا طبقہ

گہر بار = موتی برسانے والا

گل ولالہ و یاسمین = پھول، لالہ ایک قسم کا سُرخ پھول جس پر داغ ہوتے ہیں اور چنبیلی

جھلا جھل = چمک، روشنی

ریگ زار = ریگستان، صحرا، ریت کا میدان

رنگ ونور = رونق، بہت خوبصورت

کوہسار = پہاڑی جگہ، پہاڑی سِلسِلہ

گُل پوش = پھُولوں سے ڈھکا ہوا

I اِن سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

۱) ''ہندوستان'' کس کی لکھی نظم ہے؟

۲) حالؔی نے ہندوستان کو جنّت سے بڑھ کر کیوں کہا ہے؟

۳) ہمارے ملک میں کون کونسے معدنیات کے خزانے پائے جاتے ہیں؟

۴) نظم ''ہندوستان'' میں شاعر نے کن کن پھولوں اور پھلوں کا ذکر کیا ہے؟

۵) حالؔی نے ہندوستان کی کن دو مشہور ندیوں کا ذکر کیا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۶) ؎ یہ مخمل میں لپٹی ہوئی وادیاں ہمالہ کی گل پوش شہزادیاں

اس شعر کا مطلب کیا ہے؟

II (الف): اِن کی اضداد لکھیے:

۱) بلندی × .....

۲) صفائی × .....

۳) گُل × .....

۴) بہار × .....

۵) قدرتی × .....

(ب): اِن الفاظ کی جنس پہچان کر لکھیے:

آبشار	وادی	کوہسار	فطرت	کان	خوشہ	سِل	رنگ	یاسمین	گلزار

(ج): جدوَل میں واحد اور جمع تلاش کر کے لکھیے:

چٹان	ثمرات	رنگینی	اشجار	کرن	باغ	جال	وادی	خزینے	طیور
شجر	کرنیں	جال	ثمر	چٹانیں	خزینہ	رنگینیاں	طائر	باغات	وادیاں

(د): الفاظ کی صحیح ترتیب سے مصرعے لکھیے:

۱) سِل شفاف کی مرمر سنگ کہیں

۲) جال کرنوں رنگین کا سورج یہ کی

۳) بِلو ر چھلکتے کے جا م ہو ے

۴) الماس کوہسار نیلم کے کوا ور یہ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

(ھ): مصرعوں کے مناسب جوڑ سے شعر مکمل کیجئے:

"الف"		"ب"
۱) یہ ہندوستان رشکِ خلد بریں	a)	ہزاروں دفینے ہیں اس خاک میں
۲) بہت سے خزینے ہیں اس خاک میں	b)	مہکتے ہوئے آم کے سبز باغ
۳) گل و لالہ و یاسمیں کے ایاغ	c)	یہ دھان اور گیہوں کے شاداب کھیت
۴) کنول جھیل میں مسکراتے ہوئے	d)	اگلتی ہے سونا وطن کی زمیں
۵) یہ گنگا کا آنچل یہ جمنا کی ریت	e)	چراغاں کا منظر دِکھاتے ہوئے

(و): خالی جگہ پُر کیجئے:

۱) کہیں کوئلے اور.....کی کان

۲) ہماری گھٹائیں.....ہیں

۳) .....جھیل میں مسکراتے ہوئے

۴) فضاؤں میں پرواز کرتے.....

۵) .....سے اُبلتا ہوا رنگ و نور

III (الف): جدول میں دئے گئے حروف کی مدد سے زیادہ سے زیادہ الفاظ بنائیں۔ اُوپر سے نیچے، نیچے سے اُوپر، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں تلاش کریں۔ چند اشارے دئے گئے ہیں۔

آپکی سہولت کے لئے مثال پیش ہے۔

چ	ا	ن	د	ی
	ا	گ	ن	گ
ک	ں	و	ل	
ہ	م	ا	ل	ھ
	ج	ر	و	س

مِثال= کمر، جال

چاندی، چاول، گنگا،

ہمالہ، سُورج، کنول،

ندی، جمنا، وار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): غیر متعلق لفظ الگ کیجئے:

ا) اُلفت، چاہت، محبت، نفرت .....

2) چمن، ایاغ، گلشن، باغ .....

3) کھلانا، گیت، ترانہ، گانا .....

IV (الف): عام بول چال میں استعمال ہونے والے ان جملوں کو صحیح اُردو میں لکھئے:

ا) ہمے صباں میسورو جاریں۔ .....

2) ہماری امّی کو بیراں بہوت پسند۔ .....

3) ہمارے گھر میں پورے پانچ ادمیاں ہیں۔ .....

4) ہماری اُستانی صباں گاؤں جاریں کتے۔ .....

(ب): اِن الفاظ کو اپنے جملوں میں اِستعمال کیجئے:

ہندوستان، افق، جنگل، گھٹائیں، گلزار، صفائی، سونا، وطن

عملی سرگرمی:

ہندوستان کا نقشہ کھینچ کر اس نظم میں جن ندیوں اور معدن کا ذکر کیا گیا ہے اُن کی نشاندہی کیجئے، اس کے علاوہ کوہِ ہمالہ کی بھی نشاندہی کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ضمنی مواد:

نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

ہِندوستان

ہندوستان ہے دیش ہمارا
جاں سے اپنی ہم کو پیارا

ہندو، مسلم، سِکھ ، عیسائی
آپس میں ہیں بھائی بھائی

بھائی کو ہو بھائی پیارا
ایسا ہوگا چلن ہمارا

سب کے سُکھ میں سب ہوں ساتھی
سب کے دُکھ میں سب ہوں ساتھی

دیش کا مِل کر کام کریں گے
جگ میں روشن نام کریں گے

سوالات:

۱) ہندوستان میں کن کن اہم مذاہب کے ماننے والے رہتے ہیں؟

۲) ہمارا چلن کیسا ہونا چاہئے؟

۳) آخری شعر میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے؟

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اکائی
III

سبق
6

X9L2M8

شہیدِ وطن حضرت ٹیپو سلطانؒ



© TSB NOT TO BE REPUBLISHED

اِشارے:

سرزمینِ ہند کے بطن سے کئی ایسے انمول جواہر پاروں نے جنم لیا ہے جنھوں نے حُب الوطنی، بہادری، جفاکشی، ایثار وقربانی، ایمانداری جیسے ناقابل فراموش کارہائے نمایاں سے تاریخ میں اپنی شخصیت کے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ کا نام گرامی ان قابلِ فخر سپوتوں میں سرفہرست آتا ہے۔ آپ نے عالمِ اِنسانیت کو حُرّیت، جفاکشی، دورُ اندیشی، ایمانداری، بہادری، غیرت وحمیّت، حوصلہ مندی اور حُب الوطنی کا عملی درس دیا۔ کامیاب حکمران اور منتظم کی حیثیت سے بھی آپ نے دوسو سال پہلے ہی وہ کارہائے نمایاں انجام دئے کہ تاریخ دان انگشت بدنداں ہیں۔ ہندوستان میں، صندل، ریشم، کافی وغیرہ کی پیداوار میں پہل کا سہرہ بھی آپ ہی کے سر بندھا ہے۔ میزائیل کی ایجاد کے ذریعہ سائنس اور ٹکنالوجی میں بھی آپ نے تاریخ عالم میں اپنا نام سرفہرست درج کروایا ہے۔ زیرِ مطالعہ مضمون میں حضرت ٹیپو سلطانؒ کی شخصیت کے چند نمایاں پہلوؤں سے بچّوں کو متعارف کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔

حضرت ٹیپو سلطانؒ کا نام فتح علی خان تھا۔ان کے والد نواب حیدر علی خان بہادر ریاست میسور کے حکمران تھے۔والدہ فاطمہ فخر النساء ایک نیک اور پارسا خاتون تھیں۔حضرت ٹیپو سلطانؒ 1750ء کو دیون ہلی ضلع بنگلور میں پیدا ہوئے۔ان کے آباواجداد کا تعلق مکہّ کے ایک معزز خاندان قریش سے تھا۔ابتداء ہی سے حضرت ٹیپو سلطانؒ کی تعلیم وتربیت پر خاص توجہ دی گئی۔بچپن ہی سے گھڑ سواری، تیراندازی وغیرہ کا شوق تھا۔اُنہیں کنڑا، عربی، اُردو، انگریزی، فرانسیسی اور فارسی زبانوں پر عبور حاصل تھا۔

اپنے والد نواب حیدر علی خان کی وفات کے بعد ٹیپو سلطانؒ نے 26 دسمبر 1783 کو حکومت کی باگ ڈور سنبھالی۔ٹیپو سلطانؒ کا شمار دنیا کے نہایت بہادر حکمرانوں میں ہوتا ہے۔وہ ایک کامِل انسان تھے۔ طبیعت میں نہایت سادگی تھی۔لباس سادہ اور شرعی ہوتا تھا۔اندازِ گفتگو انتہائی نرم اور شیریں تھا۔دربار کی شان وشوکت تعظیم وتکریم اور اس قسم کی دوسری باتوں سے انہیں چڑ تھی۔حضرت ٹیپو سلطانؒ نہایت ہی محنتی، جفاکش، زاہد، عابد، متقّی وپرہیزگار اور نیک انسان تھے۔روزانہ پابندی سے باجماعت نماز ادا کرتے تھے۔ظہر کی نماز کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتے تھے۔حضرت ٹیپو سلطانؒ کی سیرت کی ایک اور خوبی ان کی شرم وحیا تھی۔وہ پاکیزگی کو بہت پسند کرتے تھے۔شجاعت میں وہ بے مثال تھے۔جنگوں میں خود حصہّ لیتے تھے۔شیر کا شکار اُنہیں بہت پسند تھا۔

ان کے دور حکومت میں ہندو، مسلم بھائیوں کی طرح رہا کرتے تھے۔حضرت ٹیپو سلطانؒ ایک کامیاب حکمران اور بہترین منتظم تھے۔رعایا کی بہبودی کے لئے انہوں نے کئی اصلاحات کیں۔



آزادی ٹیپو سلطانؒ کی فطرت میں شامل تھی۔انگریزوں کو ہندوستان میں قدم جمانے سے روکنے کے لئے حضرت ٹیپوؒ نے ان سے تین بار ٹکر لی اور اُنہیں شکست دی لیکن میسور کی چوتھی جنگ میں اپنے ہی سرداروں کی غدّاری کی وجہ سے آپ کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا اور 4 مئی 1799ء کو انگریزوں سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا۔سری رنگاپٹن میں آپ کا مزار ہر خاص وعام کی زیارت کا مرکز بنا

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہوا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ حضرت ٹیپو سلطانؒ واحد حکمراں ہیں جنہیں میدان جنگ میں دشمنوں سے لڑتے ہوئے شہید ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ اُن کا قول ہے کہ ''گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے۔''

الفاظ و معنی:

سلطان = بادشاہ
قریش = عرب کا ایک مشہور اور عزّت دار قبیلہ
حکمران = حاکم، بادشاہت کرنے والا
سیرت = عادت، اخلاق
جفاکش = محنتی
زاہد = دنیا سے رغبت نہ رکھنے والا، زہد رکھنے والا
عابد = عبادت کرنے والا
مُتّقی = خداترس
منتظم = انتظام کرنے والا
بہبودی = بھلائی کے کام کرنا
شیریں = بہت میٹھا

مرکبات:

شان و شوکت = رعب، دبدبہ، ٹھاٹ
تعظیم و تکریم = عزّت و احترام
شرم و حیا = غیرت اور لاج

I: الف : ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

۱) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے والدین کے نام کیا تھے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۲) حضرت ٹیپو سلطانؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

۳) حضرت ٹیپو سلطانؒ کو کن کن زبانوں پر عبور حاصل تھا؟

۴) حضرت ٹیپو سلطانؒ کو کس بات کا شوق تھا؟

۵) حضرت ٹیپو سلطانؒ کا کونسا مشہور قول ہے؟

۶) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی وفات کب ہوئی؟

۷) حضرت ٹیپو سلطانؒ کا مزار کہاں ہے؟

(ب): ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی ابتدائی زندگی کے حالات مختصراً لکھئے۔

۲) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی زندگی کے معمولات کیا تھے؟

۳) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی سیرت مختصراً لکھئے؟

II: (الف): خانہ پُری کیجئے:

۱) حضرت ٹیپو سلطانؒ کا نام.....تھا۔

۲) نواب حیدر علی خان بہادر.....کے حکمران تھے۔

۳) حضرت ٹیپو سلطانؒ .....خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

۴) حضرت ٹیپو سلطانؒ ..... میں بے مثال تھے۔

۵) حضرت ٹیپو سلطانؒ کو.....بہت پسند تھا۔

(ب): ذیل کے جملے صحیح ہیں یا غلط، نشان لگایئے:

۱) حضرت ٹیپو سلطانؒ دیون ہلی میں پیدا ہوئے۔

۲) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی والدہ کا نام بی بی عائشہ تھا۔

۳) حضرت ٹیپو سلطانؒ نے کبھی نماز قضا نہیں کی۔

۴) شیر سے حضرت ٹیپو سلطانؒ کو نفرت تھی۔

۵) حضرت ٹیپو سلطانؒ ایک کامیاب حکمران تھے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

مطالعہ، محنت، عبادت، سیرت، حکمران، شہادت

(د): اِن انگریزی جملوں کا اردو زبان میں ترجمہ کیجئے:

1) Taj Mahal is a beautiful monument.

2) Zoya sings very well.

3) We work hard for the examination.

4) India is a democratic Country.

III: (الف): جدول میں دئے گئے الفاظ میں سے ایک دوسرے کی واحد اور جمع تلاش کر کے لکھئے:

سلطنتیں	اشخاص	وظائف	دلیل	مشغلہ	مساجد	مسئلہ	مکاتیب
مسائل	مشاغل	دلائل	مکتب	مسجد	وظیفہ	سلطنت	شخص

(ب): جدول میں دئے الفاظ سے مذکر اور مونث علاحدہ کیجئے:

وفا	سکون	قدر	رزق	اخلاق	وظیفہ	مشکل	لاج	سلطنت	باب


(ج): جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی ضد پہچان کر لکھئے:

واقف	بھلائی	بھاری	ناکامی	خواص	حیوان	نرمی	سُستی	محتاج	وفا
چُستی	انسان	ہلکا	عوام	سختی	برائی	مختار	ناواقف	جفا	کامیابی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د): دائرے میں لکھے لاحقے ''مند'' کا استعمال کرتے ہوئے مثال کے مطابق الفاظ بنایئے۔

مثال= عقل+ مند = عقلمند



(ھ): اِن جملوں کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیجئے۔

۱) لڑکے میدان میں کھیل رہے ہیں۔

۲) عِماد بہت اچھا پڑھتا ہے۔

۳) حیدر علی خان بہت بہادر تھے۔

۴) حضرت ٹیپو سلطانؒ کی سلطنت کا نام سلطنت خداداد تھا۔

IV:(الف): بوجھو تو جانیں۔

(1) چہرہ چمکے صاف سا ۔ اور تن کا میل اتارے
چُنّو مُنّو گڈو پپّو ۔ نام بتاؤ پیارے

(2) ایک جانور ایسا ۔ چلتے چلتے رُک گیا
لاؤ چھُری کاٹو گلّا ۔ پھر چلنے لگ گیا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(3) نظر نہ آئے کسی کو ۔ چلتی ہے پر پاؤں نہیں

ساری دُنیا میں رہتی ہے۔ اس کا کوئی گاؤں نہیں

V:(ب): مثال کے مطابق جدول میں نیچے دئے گئے الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔ان الفاظ کو آپ آگے پیچھے، دائیں بائیں، اوپر نیچے، کہیں بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

مثال = اِنعام، مستان، طاقت ور

س	ن	س	ح	م	ر	و	ی	غ	ح
ر	م	ج	ع	ع	ص	ق	و	ے	ک
ی	ج	ن	ا	م	ی	ل	د	ل	و
ر	و	م	ا	ر	ک	ر	ح	ر	م
ن	گ	ع	ا	ت	ع	م	ا	ت	ت
گ	ن	ا	ط	ل	س	و	پ	ی	ٹ
ا	گ	ش	ی	ا	س	م	ش	ل	ر
پ	ل	خ	ج	ط	ا	ق	ت	و	ر
ٹ	ا	د	ا	م	ا	ج	ن	گ	ھ
ن	م	ا	ز	ہ	ز	و	ر	ہ	ر

(1) حیدر علی خان (2) ٹیپو سلطان (3) سری رنگا پٹن (4) گنگ وجمن (5) محسن (6) روزہ (7) نماز (8) نور (9) گولی (10) پشت (11) گنجام (12) ادا (13) رہرو (14) نامی (15) مصلحت (16) غیور (17) حکومت (18) خدا (19) محل (20) معمر (21) معنوں (22) قدرت (23) اوسط (24) جشن (25) سلام (26) مارکر (29) غول (30) ہوش (31) مساجد

NOT TO BE REPUBLISHED ©KSEEB

قواعد

کسی بھی زبان کا حُسن ، دلکشی اور خوبصورتی کا اِنحصار اُس کے الفاظ کی ادائیگی پر ہوتا ہے۔ ادائیگی کا انحصار آواز کے ساتھ ساتھ تحریری شکل میں اُس میں استعمال ہونے والے حرکات وسکنات پر منحصر ہوتا ہے۔ جس آواز کے ذریعہ حروف ادا کئے جاتے ہیں اور جس کے ذریعہ ایک دوسرے سے مِلائے جاتے ہیں، اس کو حرکت کہتے ہیں۔ اس کی علامت زیر، زبر، پیش، تشدید وغیرہ ہیں۔ بولتے اور لکھتے وقت ان کا لحاظ رکھنا ضروری ہے ورنہ مطلب غلط ہو جاتا ہے۔

۱) زبر = زبر کے معنی اُوپر کے ہیں۔ اس کی نشانی (ـَ) ہے ۔ یہ علامت حرف کے اُوپر آتی ہے۔ اس لئے اُس کو زبر کہتے ہیں۔ اس سے حرف میں ہلکی سی 'الف' کی آواز آتی ہے۔

جیسے: ذَرد، نَرم وغیرہ

۲) زیر = زیر کے معنی نیچے کے ہیں۔ اس کی علامت (ـِ) ہے۔ یہ نشانی حرف کے نیچے آتی ہے۔ اس سے حرف میں 'ی' کی ہلکی آواز آتی ہے۔

جیسے: اِمتحان ، اِمکان، اِنسان وغیرہ

۳) پیش = پیش کے معنی آگے یا سامنے کے ہیں۔ اس کی علامت (ـُ) ہے۔ یہ حرف کے اُوپر لگایا جاتا ہے اور ہلکی 'واؤ' کی آواز دیتا ہے۔

جیسے: اُمید، اُمنگ، اُصول، دُم وغیرہ

۴) تشدید = تشدید کے معنی زور یا زبردست کے ہیں۔ لیکن قواعد میں جو آواز دبا کر ادا کی جاتی ہے تشدید کہلاتی ہے۔ حرف کو ایک بار لکھا جاتا ہے، لیکن تشدید لگا کر دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ تشدید کی علامت (ـّ) ہوتی ہے۔ حرف پر تشدید لگانے سے حرف دو مرتبہ آواز دیتا ہے۔

جیسے: شِدّت=(شد+د +ت عِلّت = عل +لَ+ ت

مُسدّس =(مُ+سد+دس) وغیرہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۵) مَدْ =مَد کے معنی لمبا کرنے کے ہیں۔اُس کی علامت (~) ہے ۔جب الف کو کھینچ کر بولتے ہیں تو اس پر یہ علامت لگائی جاتی ہے۔

جیسے: آم، آدمی ،آسمان، آن وغیرہ۔

۶) جَزمْ =جَزمْ کے معنی حرف کو ساکن کرنا ہے۔اس کی علامت (ْ) ہے۔جس حرف پر جَزمْ کی نشانی لگائی جاتی ہے اس پر آواز ٹھہر جاتی ہے۔

جیسے: گرمْ، ظلمْ ، شرطْ ، احساسْ وغیرہ۔

۷) تنوین = اس کے معنی نون کی آواز پیدا کرنے کے ہیں۔اس کی نشاندہی میں دو زبر یا دو زیر، دو پیش لگائے جاتی ہے (ً ٍ ٌ)

جیسے: مثلاً، فوراً، اِتفاقاً وغیرہ۔

ضمنی مضمون:

عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ایک مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

1739 کی بات ہے۔مغلیہ حکومت کا سُورج ڈوب رہا تھا۔حکومت کی باگ ڈور محمّد شاہ کے ہاتھوں میں تھی ۔ جو ''رنگیلے شاہ'' کے لقب سے مشہور ہو چکا تھا۔ رنگیلے شاہ کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نادر شاہ نے دہلی پر حملہ کر دیا۔رنگیلے شاہ نے نادر شاہ کی شرائط پر صلح کر لی۔

صلح کے بعد لال قلعہ دہلی میں ایک خوبصورت ایوان میں دونوں حکمران اپنے ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے ۔اسی دوران محمّد شاہ نے ایک خادم سے قہوہ پیش کرنے کو کہا۔خادم سونے کی مُنقش پیالوں میں قہوہ لئے حاضر ہوا۔مگر محفل میں پہنچنے کے بعد وہ سوچ میں ڈوب گیا۔ایوان میں دو بادشاہ تھے۔ ایک اس کا آقا محمّد شاہ اور دوسرا فاتح نادر شاہ۔وہ سوچنے لگا کہ قہوہ پہلے کسے پیش کرے۔اگر پہلے اپنے آقا کو پیش کرتا ہے تو نادر شاہ کے ناراض ہونے کا اندیشہ تھا جسے خود محمد شاہ بھی ناراض نہیں کرنا چاہتا تھا اور اگر

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

نادرشاہ کو پہلے قہوہ پیش کرتا ہے تو اس میں اس کے آقا کی سبکی ہوگی۔ وہ اسی سوچ میں غرق تھا۔ خادم کی اس ذہنی کیفیت کو دونوں بادشاہ بھی سمجھ گئے۔ وہ بھی منتظر تھے کہ دیکھیں خادم کیا فیصلہ کرتا ہے۔

کچھ ہی دیر میں خادم نے اس پیچیدہ مسئلے کا حل تلاش کر ہی لیا۔ وہ اپنے آقا محمّد شاہ رنگیلے شاہ کی طرف بڑھا۔ شاہی آداب بجالا کر اس نے کہا۔

''جہاں پناہ! آپ کو اس غلام کی اوقات کا علم ہے۔ بھلا میری کیا مجال کہ آپ کے معزّز مہمان کی خدمت میں خود قہوے کا پیالہ پیش کر سکوں۔ آپ کے معزّز مہمان کی خدمت کی تواضع کرنے کی سعادت خود حاصل فرمائیں اور اپنے مبارک ہاتھوں مہمان عالی وقار کی خدمت میں قہوہ پیش کریں۔''

محمّد شاہ خادم کی اس حاضر دماغی اور عقل مندی سے بہت خوش ہوا۔ مسکراتے ہوئے قہوے کا پیالہ لے کر نادرشاہ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ نادرشاہ بھی خادم کی ذہانت سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکا۔ اس نے محمّد شاہ سے مخاطب ہو کر کہا۔

''اس خدمت گار کی طرح آپ کے دوسرے امیر، وزیر اور حکّام بھی ذہین اور قابل ہوتے تو آج میری فوجیں دہلی پر کسی بھی حالت میں قبضہ نہیں کر سکتی تھیں۔''

محمّد شاہ اپنے خدمت گار کی اس تعریف سے بہت خوش ہوا۔ لال قلعہ سے رخصت ہوتے ہوئے نادرشاہ نے اس ذہین خادم کو اپنے ساتھ لے جانے کی خواہش کا اظہار کیا تو محمّد شاہ انکار نہ کر سکا۔

اِس خادم کا نام عبداللہ افغانی تھا جو نادرشاہ کی فوج میں شامل ہو کر سپہ سالارِ اعظم کے عہدے پر فائز ہوا۔

سوالات:

۱) اس مضمون میں کس دَور کا واقعہ بیان کیا گیا ہے؟

۲) نادرشاہ نے دہلی پر حملہ کیوں کیا؟

۳) خادم نے بادشاہوں کی خدمت میں قہوہ پیش کرنے کا حل کیسے تلاش کیا؟

۴) شاہ کے خادم کا کیا نام تھا؟ نادرشاہ کی فوج میں وہ کس عہدے پر فائز ہوا؟

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

اکائی
IV

سبق
7

H3R6J2

بَہار کا موسم

تِلوک چند محرومؔ



اِشارے:

مختلف موسموں کے ذریعہ قدرت نے اِنسان، چرند پرند، درند وغیرہ کے لئے کئی سہولتوں کا انتظام کیا ہے۔ سُورج کے ذریعہ روشنی اور حرارت بخشی تو چاند کے ذریعہ خوبصورت سنہری راتیں عطا کی ہیں۔ ہرے بھرے سرسبز و شاداب میدان، جانوروں کی غذا، اور پاک ہوا کے لئے درخت، ندی نالوں، تالابوں کے ذریعہ پانی وغیرہ کا انتظام کیا ہے۔ موسموں کے ذریعہ مہینوں اور سالوں کا اندازہ بھی بخوبی ہوتا ہے۔ موسم گرما، موسم سرما، موسم خزاں اور موسم بہار میں موسمِ بہار کو اہمیت حاصِل ہے۔ موسم بہار کا حُسن دلکشی اور اس سے حاصل ہونے والی خوشیاں اور سہولتیں دیکھنے اور لطف اندوز ہونے کے قابل ہوتی ہیں۔ موسم بہار میں ساری کائنات ایک خوبصورت دلہن بن جاتی ہے۔

تلوک چند محروم کی زیرِ مطالعہ نظم ''بہار کا موسم'' میں اِس کیفیت کی عمدہ تصویر کشی کی گئی ہے۔ نظم فِطری شاعری کی عُمدہ مِثال ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

آ گیا پھر بہار کا موسم دِل کُشا اور جانفزا موسم
تازگی چھا گئی فضاؤں میں زندگی آ گئی ہواؤں میں
نئی رونق ہے کوہساروں میں جنگلوں اور سبزہ زاروں میں
روپ ہر چیز پر نیا ہے آج رنگ ہر شئے کا خوش نما ہے آج
جھومتے ہیں درخت خوش ہو کر کونپلیں پھوٹتی ہیں شاخوں پر
خاک اڑتی تھی جس جگہ پہلے فرشِ مخمل وہاں ہے سبزے سے
سبزہ اگتا ہے پھول کھلتے ہیں بچھڑے پورے برس کے ملتے ہیں
صبح دم اوس کیا چمکتی ہے موتیوں کی طرح دمکتی ہے
پنکھی باغوں میں چہچہاتے ہیں نئے موسم کے گیت گاتے ہیں
بن سے باغوں سے اور کھیتوں کے آ رہے ہیں الاپ گیتوں کے
جو بہار آفریں ہے اے بچّو
اس کے الطاف کو نہ تم بھُولو

الفاظ و معنی:

فضا = ہوادار، کھُلی جگہ
فرش = بچھونا، بستر
اُوس = شبنم
پنکھی = پرندے
الاپ = آواز کا اتار چڑھاؤ
بن = جنگل
الطاف = مہربانیاں (لطف کی جمع)

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مرکبات:

دِل کُشا = دل کو خوش کرنے والا

جانفزا = راحت اور فرحت بخشنے والا

کوہسار = پہاڑی سِلسِلہ

سبزہ زار = میدان جہاں دُور دُور تک ہری گھاس اُگی ہوئی ہو

صبح دم = صبح سویرے، علی الصبح

بہارِ آفریں = موسم بہار کی خوشگوری اور مبارکباد دینے والا

I ان سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

۱) موسم بہار کا ہواؤں پر کیا اثر پڑا ہے؟

۲) بہار کے آنے سے ویران جگہوں کا کیا حال ہے؟

۳) موسمِ بہار کا اثر کہاں کہاں دکھائی دیتا ہے؟

۴) آخری شعر میں شاعر کیا نصیحت کر رہا ہے؟

II (الف): جَدوَل میں دئے گئے الفاظ سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے:

علوم	الطاف	کونپلیں	رونق	اُستانیاں	نیا	کھیت	مہربانیاں	استاد	شئے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی ضد پہچان کر لکھئے:

گُل	خوشنما	نیا	لعنت	رونق	خزاں	ناگوار	صبح
نعمت	بدنما	خوشگوار	بدرونق	بہار	شام	پرانا	خار

(ج): جدول میں دئے گئے الفاظ کی جنس پہچان کر لکھئے:

زندگی	بہار	فضا	الطاف	جنگل	کونپل	رُوپ	فاصلہ	نظم	کھیت

III (الف): غیر متعلق لفظ کو علاحدہ کیجئے:

۱) ٹھنڈ، خزاں، بہار، گرما ۲) گلشن، خار، گلزار، چمن

۳) زندگی، موت، حیات، شرم ۴) وطن، دیش، قلم، مُلک

(ب): بوجھو تو جانیں:

1) لفظ آستین کو اس طرح لکھئے کہ ایک بھی نقطہ استعمال نہ ہوا ہو۔

2) ذاکر نے عماد کو سو روپئے دئے، عماد نے فیضان کو پچاس روپئے دئے۔ فیضان نے عماد کو پچیس روپئے دیئے۔ بتائے کسے پیسے نہیں ملے؟

3) بتایئے کہ وہ کونسی کھانے والی چیز ہے جس کے آخر میں ''ی'' لگا دینے سے پینے والی چیز بن جاتی ہے؟

4) وہ کیا ہے جو عمان میں ایک، افغانستان میں تین اور یمن میں ایک بھی نہیں ملتا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): عام بول چال میں استعمال ہونے والے ان جُملوں کو صحیح اُردو میں لکھئے:

۱) بارش زیادہ ہوی تو ترکاریاں سب سڑ جاتیں۔

۲) بقرید کو ہماریاں کتیے بلا کے لوگاں آتیں۔

۳) دال کے سالین کے ساتھ پھال کا چاکنا اچھّا رہتائے۔

۴) ہمارا ٹائیلر بھوت اچھّے کپڑے سیتائے۔

(د): چوکور کی مدد سے نیچے دئے گئے الفاظ کی جدول میں نشاندہی کیجئے۔ ان الفاظ کو آپ اُوپر سے نیچے، نیچے سے اُوپر، دائیں، بائیں، کہیں بھی تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ کی مدد کے لئے دو نشانیاں لگائی گئی ہیں:

ا	ح	ق	ر	ا	ہ	ب
ی	ط	ء	د	ل	ن	ا
ر	ء	ی	ا	ط	و	د
د	ا	ل	و	ا	ک	ب
ں	ے	ا	ض	ف	د	ا
م	ل	ی	ن	ف	ا	ن
ت	ش	ا	د	د	ا	ی

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

مثال = نِدا، کفن

بادبانی، بہار، الطاف، ہلال، احقر، وطن، یادداشت، میلا، وفا، افضل، نیلم، طوالت، مندر، دیا، فنا، قطر، دریا، بولر، ردا، نوک، دیا

(ھ): اِن الفاظ میں استعمال شدہ حروف کی مدد سے زیادہ سے زیادہ الفاظ بنائیے۔

مکاندار، اقبال مند، باگل کوٹ

ضمنی مواد:

نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ ایک مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

آؤ سناؤں ایک کہانی
میرا قصّہ میری زبانی

میں ایرانی، نہ تُورانی میں عربی نہ ہندوستانی
جِس نے میری بات نہ مانی یاد آجائے اس کو نانی
قید مجھے جو کرنا چاہے ہوگی اس کی یہ نادانی
مجھ سے باغ بغیچے مجھ سے مجھ سے دریاؤں میں روانی
میں دھرتی سے پیڑ اگاؤں پیڑوں پر پھل پھول سجاؤں
دھرتی پر میں پیاس بجھاؤں سیپی میں موتی بنواؤں
خوب برس کر آگ بجھاؤں گرمی کو میں دُور بھگاؤں
رِم جھِم ، رِم جھِم ساز بجاؤں جنگل جنگل مور نچاؤں
باغوں میں جھولے ڈلواؤں ساون کے میں گیت سناؤں
میں ہوں اس دھرتی کی جوانی
کہلاؤں برسات کا پانی

حیدر بیابانی

سوالات:

۱) کہانی کون سنا رہا ہے؟ ۲) بارش کو قید کیوں نہیں کیا جا سکتا؟
۳) بارش سے ہونے والے فائدے لکھئے۔ ۴) اس نظم کا مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

اکائی
IV

سبق
8

G2Y1E6

ہم اور ہمارا ماحول

اِشارے:

تمام مادّی، سماجی، ثقافتی، تمدّنی عوامل اور حالات کا ہماری زندگی پر اثر انداز ہونا ماحول کہلاتا ہے۔ آج کے اس جدید اور ترقی یافتہ دور میں ماحول کا توازن بالکل غیر متوازن ہو گیا ہے۔ اس کا اثر انسانی زندگی پر بھی صاف اور نمایاں دِکھائی دے رہا ہے۔

مکالماتی انداز میں زیرِ مطالعہ مضمون کے ذریعہ ماحول کی موجودہ صورتِ حال کی وجوہات اور اُن کے تدارک پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آج 5 جون مدرسہ میں کافی چہل پہل ہے۔ آج ''یومِ عالمی ماحول'' ہے۔ اس خاص دن کو یادگار بنانے کے لئے مدرسے کی جانب سے ''درخت اُگاؤ، ماحول بچاؤ'' مہم کا اہتمام کیا گیا ہے۔ محکمۂ باغبانی کی جانب سے کئی قسم کے پودے ٹرک کے ذریعہ مدرسہ پر پہنچادئے گئے ہیں۔ مہمان اعزازی، ناظم محکمۂ باغبانی نے مہم کا آغاز پہلے ہی کھودی گئی زمین میں پودا لگا کر اور اس میں پانی ڈال کر کیا ہے۔ اس کے بعد تمام حاضرین اور بچّوں میں پودے تقسیم کئے گئے ہیں۔ مدرسہ پر موجود ہر شخص فی کس ایک پودا لگاتا ہے۔

مدرسے میں ایک جلسے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ بچّے رنگ برنگے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ مدرسے میں عید کا ماحول ہے۔ مہمان کے اسٹیج پر آتے ہی سب خاموش ہو جاتے ہیں۔ جلسہ شروع ہوتا ہے۔ مقامی سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر عبدالغفار صاحب جلسے کے مہمانِ خصوصی ہیں۔

جلسہ کا آغاز اُستاد عبدالرحمٰن صاحب کی قرآت سے ہوا۔ میر معلّم نے تمام حاضرین کا استقبال کیا۔ مہمان خصوصی نے اپنی تقریر شروع کی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں ماحول میں پائی جانے والی آلودگی پر روشنی ڈالی۔ جیسے فضائی آلودگی، آبی آلودگی، صوتی آلودگی، مٹی کی آلودگی وغیرہ۔ جلسہ ختم ہوا بچّوں میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

دوسرے دن جماعت میں پچھلے دن کی تقریر سے متعلق معلّمہ نے بچّوں سے دریافت کیا


معلّمہ : پیارے بچّو ! کل تم نے آلودگی سے متعلق بہت ساری جانکاری حاصل کی ہوگی۔ آج ہم اس پر بحث کریں گے۔ اچّھا زویاء تم بتاؤ آلودگی کیا ہوتی ہے؟

زویاء : محترمہ! خوش گوار زندگی گزارنے کے لئے ماحول کا خوش گوار ہونا بھی نہایت ضروری ہے۔ کبھی کبھار ماحول میں غیر ضروری طبعی، کیمیائی اور حیاتیاتی تبدیلی آجاتی ہے۔ جس سے ماحول کا توازن بگڑ جاتا ہے۔ اسی تبدیلی کو آلودگی کہتے ہیں۔

سلمان : ڈاکٹر صاحب بتا رہے تھے کہ آلودگی کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جیسے فضائی آلودگی، آبی آلودگی، مٹی کی آلودگی، صوتی آلودگی وغیرہ۔

معلّمہ : جویریہ ! کیا تم آلودگی کی چند مثالیں دے سکتی ہو؟

جویریہ : جی ہاں!۔ ہوا میں زہریلی گیسوں کا شامل ہونا، پانی میں گندگی اور کوڑے کرکٹ کا شامل ہونا، مٹی پر پلاسٹک اور دوسری کیمیائی اشیاء کا پھینکنا، شور وغل کا ہونا یہ آلودگی کی مختلف مثالیں ہیں۔



معلّمہ : بہت خوب !جویریہ۔ فرقان آبی آلودگی کیا ہوتی ہے؟

فرقان : ہم جو پانی استعمال کرتے ہیں اس میں غیر ضروری اشیاء

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

جیسے شہروں میں کارخانوں سے نکلنے والا گندہ پانی، کوڑا کرکٹ، جانوروں کے نہلانے، برتن وغیرہ کے دھونے والے پانی کے ملنے کی وجہ سے پانی گندہ ہوجاتا ہے، اور یہ پانی استعمال کے قابل نہیں رہتا۔ اسے آبی آلودگی کہتے ہیں۔


عامر : آبی آلودگی سے ہمیں کئی قسم کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔ جیسے ٹائفائیڈ، کالرا، ملیریا، وغیرہ یہ انتہائی خطرناک بیماریاں ہیں۔

جاوید : محترمہ ! بتائے کہ آبی آلودگی سے ہونے والے نقصانات کو کیسے روکا جاسکتا ہے؟

معلّمہ : ہمیں پانی کو آلودہ ہونے سے بچانا چاہئے ۔ پاک و صاف پانی پینا چاہئے ۔ عوام میں بھی اس کے متعلق بیداری پیدا کرنا چاہئے ۔

عالیہ تم بتاؤ فضائی آلودگی کسے کہتے ہیں اور اس کے کیا اثرات ہوتے ہیں؟

عالیہ : کارخانوں، موٹر گاڑیوں اور بھٹّی سے خارج ہونے والی زہریلی گیسیں جیسے کاربن ڈائی آکسائیڈ، کاربن مونو آکسائیڈ وغیرہ فضا میں شامل ہوتی ہیں تو فضائی آلودگی ہوتی ہے۔ جب یہ گیسیں عمل تنفس کے دوران پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہیں تو حساسیت [دمّا] ۔ پھیپھڑوں کا کینسر جیسی خطرناک بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔



زویاء : محترمہ ! صوتی آلودگی کیا ہوتی ہے؟

معلّمہ : حد سے زیادہ شدّت والی آواز کو شور کہتے ہیں۔ جیسے موٹر گاڑیوں کے ہارن، کارخانوں کی مشینوں کی آواز، پٹاخوں کی آواز، شادیوں اور تہواروں میں گانے بجانے کی آواز وغیرہ۔ اس شور سے ہونے والی آلودگی کو صوتی آلودگی کہتے ہیں۔ اس سے کانوں کا بہرا پن اور دماغی امراض پیدا ہوتے ہیں۔

TO BE REPUBLISHED



معلّمہ: اچھا احمد تم بتاؤ کہاں کہاں صوتی آلودگی کے مضر اثرات دکھائی دیتے ہیں؟

احمد : محترمہ! صوتی آلودگی کے مضر اثرات مدرسوں، دواخانوں، عبادت گاہوں اور ان تمام جگہوں پر جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں اثر انداز ہوتے ہیں۔

معلّمہ: انہیں کیسے روکا جا سکتا ہے؟

سلمان : دواخانوں، عبادت گاہوں وغیرہ پر ہونے والے شور کو روک کر ان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

احمد : اسی لئے دواخانوں، مدرسوں اور عبادت گاہوں کے قریب موٹر گاڑیوں کے ہارن پر پابندی کی علامت کا نشان لگایا جاتا ہے۔

معلّمہ : تم نے ٹھیک کہا احمد۔ شاباش!

زویاء : محترمہ! مٹی کی آلودگی کسے کہتے ہیں؟

معلّمہ : پلاسٹک اور چند زہریلی کیمیائی اشیاء کے زمین میں شامل ہو جانے سے مٹی کی زرخیزی کم ہو جاتی ہے۔ اسے مٹی کی آلودگی کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ درختوں اور جنگل کے کٹاؤ سے زمین کا کٹاؤ بھی بڑھ جاتا ہے۔

عالیہ : محترمہ! مٹّی کی آلودگی سے ماحول پر کیا مضر اثرات پڑتے ہیں؟

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

معلّمہ : مِٹّی کی آلودگی سے مِٹّی کی زرخیزی کم ہو جاتی ہے۔ مٹی میں اگائی جانے والی فصل میں زہریلی کیمیائی اشیاء شامل ہو جاتی ہیں جس کا جانداروں کی صحت پر برا اثر ہوتا ہے۔ مِٹّی کا کٹاؤ بڑھ جاتا ہے جس سے زمین بنجر ہو جاتی ہے۔ جنگلات ختم ہو جاتے ہیں، زمین کی شادابی کم ہو جاتی ہے۔ اس سے ماحول پر مضر اثرات پڑتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں ایسی اشیاء کو زمین پر نہیں پھینکنا چاہئے۔

عماد : ماحول میں پیدا ہونے والی ان تمام آلودگیوں کی روک تھام اور بیداری پیدا کرنے کے لئے کیوں نہ ہم اپنے مدرسے کی جانب سے ایک مُہم شروع کریں۔

معلّمہ : بہت خوب ! تم نے بہت اچھّی بات کہی ہے۔ اس سے مقامی ماحول کو آلودگی سے پاک رکھنے کے علاوہ عوام میں بیداری پیدا کی جا سکتی ہے۔ اِنشاء اللہ چھٹیوں میں ہم اس کا اہتمام کریں گے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

مہم = مشکل کام
ناظم = اِنتظام کرنے والا
محکمہ = بڑا شعبہ
حاضرین = موجود لوگ
اہتمام = اِنتظام
بَن = جنگل
استقبال = خیر مقدم (کسی کے آنے پر خوشی سے انہیں بُلانا/اپنانا)
توازن = ہم وزن ہونا
مضر = نقصان پہنچانے والا
زرخیز = سرسبز، پیداوار کی طاقت رکھنے والی/ والا
شادابی = تروتازگی

I (الف): ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:

۱) عالمی یوم ماحولیات کب منایا جاتا ہے؟

۲) مدرسہ میں لگانے کے لئے پودے کس نے دیئے تھے؟

۳) خوشگوار زندگی گزارنے کے لئے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

۴) آبی آلودگی سے کونسی بیماریاں پھیلتی ہیں؟

۵) شور کسے کہتے ہیں؟

(ب): ان سوالوں کے جواب دو تا چار جملوں میں لکھئے:

۱) آلودگی سے کیا مراد ہے؟

۲) آلودگی کی مختلف اقسام کونسی ہیں؟

۳) آبی آلودگی کسے کہتے ہیں؟ مثالیں دیجئے۔

۴) فضائی آلودگی کو کیسے روکا جاسکتا ہے؟

۵) مٹّی کی آلودگی سے ہونے والے مضر اثرات گنوایئے۔

۶) صَوتی آلودگی پر کیسے قابو پایا جاسکتا ہے؟

II (الف): جدول میں دئے گئے الفاظ میں سے ایک دوسرے کی واحد، جمع تلاش کر کے فہرست بنایئے:

ضد	اقسام	مہمان	اثرات	تعلیم	آداب	خواص	معلم	ایّام	ندیاں	جنگلات	شئے	تبدیلیاں
مُعلّمین	تبدیلی	اضداد	جنگل	یوم	خاصیت	ادب	اشیاء	تعلیمات	قِسم	اثر	ندی	مہمانوں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی ضد تلاش کر کے فہرست بنایئے:

خوشگوار	سکوت	گندہ	ذرخیز	ویران	شروع	سُست	غائب	آلودہ
ختم	بنجر	حاضر	شور	خالص	چُست	صاف	آباد	ناگوار

(ج): ان الفاظ میں مذکر اور مونث علاحدہ کرتے ہوئے فہرست بنایئے:

تبدیلی	ادب	انجام	کلمہ	عقل	تعلیم	موت	یوم	شئے	ندی

III (الف): جوڑ لگایئے:

"الف"	"ب"
۱) یوم عالمی ماحول	a) حَساسِیّت
۲) فضائی آلودگی	b) مِٹّی کی زرخیزی کم ہوتی ہے
۳) آبی آلودگی	c) 5، جون
۴) درخت اگاؤ، ماحول بچاؤ	d) دِماغی امراض
۵) مِٹی کی آلودگی	e) نعرہ
۶) صوتی آلودگی	f) کالرا

(ب): مناسِب ترتیب سے جملے صحیح کیجئے:

۱) ہے توازن آلودگی ماحول بگڑتا کی سے

۲) رہنے چاہئے صحت پینا پانی مند کے لئے پاک وصاف

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

۳) شور ہیں والی آواز کو حد سے شِدّت زیادہ کہتے

۴) ہو جاتی ہے کم شادابی کی زمین

۵) چاہیئے پانی ہونے آلودہ ہمیں بچانا کو سے

(ج): یہ جملے کس نے اور کب کہے؟

۱) محترمہ بتایئے کہ آبی آلودگی سے ہونے والے نقصانات کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟

۲) ڈاکٹر صاحب بتا رہے تھے کہ آلودگی کی مختلف قِسمیں ہوتی ہیں۔

۳) کاربن ڈائی آکسائیڈ، کاربن مونو آکسائیڈ وغیرہ فضا میں شامِل ہوتی ہیں تو فضائی آلودگی ہوتی ہے۔

۴) دواخانوں، مدرسوں، عبادت گاہوں کے قریب موٹر گاڑیوں کے ہارن بجانے پر پابندی کی علامت کا نشان لگایا جاتا ہے۔

(د): مثال کے مطابق دائرے میں دیئے گئے لفظ سے الفاظ بتایئے:

مثال = خوش+مزاج= خوش مزاج



۱) .....

۲) .....

۳) .....

۴) .....

۵) .....

۶) .....

۷) .....

۸) .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV (الف): مِثال کے مطابق جدول میں چوکور کے ذریعہ نیچے دئے گئے الفاظ کی نشاندہی کیجئے:

آپ انہیں اوپر سے نیچے، نیچے سے اوپر، دائیں سے بائیں، بائیں سے دائیں کہیں بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

ر	ٹ	ک	ا	ڈ	ص	ل	م
و	م	ی	گ	د	و	ل	آ
ش	ا	م	د	ح	ت	گ	ب
ن	ٹ	ہ	ا	ن	ی	ن	ی
ی	ر	م	ٹ	ی	ل	ج	ب

اِشارے :

مثال: ندی

آبی، آلودگی، بجلی، ٹماٹر، روشنی، ڈاکٹر، ملت، شام، مٹی

(ب): اِن الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

چہل پہل، مہمان، آغاز، جلسہ، اہتمام، تقریر، آلودگی، شیرینی، ماحول، قرآن

(ج): اِن الفاظ کی مدد سے ایک کہانی لکھئے اور مناسب عنوان تجویز کیجئے:

گاؤں، کسان، لڑکے، تین، ایک دن، لکڑیاں، توڑنا، سمجھایا، اتحاد، قوت، مِل جُل کر

III (الف): ان جملوں کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیجئے:

۱) کرشنا راج ساگر بند دریائے کاویری پر باندھا گیا ہے۔

۲) دریائے کاویری کی جائے پیدائش تل کاویری ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۳) سری رنگاپٹن سلطنت خداداد کا پائے تخت تھا۔

۴) دریائے کاویری کی دو شاخیں سری رنگاپٹن پر ملتی ہیں۔

(ب): اِن انگریزی جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے:

1) If wealth is lost, nothing is lost.

2) If Health is lost, some thing is lost .

3) If character is lost everything is lost.

4) All that glitters is not gold

(ج): اِن کنڑ جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے:

1) ಕನ್ನಡ ನಮ್ಮ ನಾಡ ಭಾಷೆ.

2) ಧಾರವಾಡ ಪೇಡ ತುಂಬ ರುಚಿಕರ.

ان تاریخوں کی اہمیت جانئے؛ انہیں بار بار لکھئے اور یاد رکھئے:

شمار نمبر	مہینہ	تاریخ	اہمیت
1	جنوری	26	یوم جمہوریہ
2	فروری	28	قومی یوم سائنس
3	مارچ	08	عالمی یوم خواتین
4	اپریل	07	عالمی یوم صحت
5	مئی	01	یوم مزدوراں/محنت
6	مئی	08	عالمی یوم ریڈ کراس
7	جون	05	عالمی یوم ماحولیات
8	جولائی	11	عالمی یوم آبادی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

9	اگست	15	یوم آزادی
10	ستمبر	05	یوم اساتذہ
11	اکتوبر	02	گاندھی جینتی
12	نومبر	14	یوم اطفال
13	دسمبر	01	عالمی یوم ایڈز

قواعد

علامتیں

علامتیں کسی بھی زبان کی ریڑھ کی ہڈّی ہوتی ہیں۔علامتوں کے مناسب اور برمحل استعمال سے زبان و بیان، تحریر و تقریر میں باضابطگی کے علاوہ دلکشی و جاذبیت پیدا کی جاسکتی ہے۔آیئے ان علامتوں کی خصوصیات پر غور کریں۔

1) ختمہ = (Fullstop)

ختمہ کی علامت (۔) ہے۔یہ علامت کسی بھی مکمل جملے کے خاتمے پر لگائی جاتی ہے۔یہ علامت عبارت کے ایک جملے کو دوسرے جملے سے علاحدہ کرتی ہے۔

2) وقفہ / سکتہ (Coma)

سکتہ / وقفہ کی علامت (،) ہے۔یہ سب سے چھوٹا وقفہ ہے جس میں تھوڑا سا ٹھہر کر آگے جانا پڑتا ہے۔یہ علامت جملے کے ایک حصّہ کو دوسرے حصّہ سے جدا کرتی ہے۔

3) تفصیلہ ۔(Colon)

تفصیلہ کی علامت (:) ہے۔یہ علامت یعنی تفصیلہ، لفظ تفصیل سے بنا ہے جس کے معنی علاحدہ کرنا، تشریح کرنا یا فہرست کے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4) سَوالیہ / استفہامیہ = (Interrogative)

سوالیہ کی علامت (؟) ہے۔ یہ علامت اس جملے کے آخر میں آتی ہے جس جملے میں کوئی سوال پوچھا گیا ہو۔ اس کے استعمال سے عام جملے اور سوالیہ جملے کے فرق کو پہچانا جا سکتا ہے۔

5) قوسین = (Brackets)

قوسین کی علامت ( ) ہے۔ یہ قوسین جمع ہے قوس کی۔ قوس کے معنی ہیں کمان کے۔ کسی بھی عبارت کے ایسے حصہ کو، جس کا تعلق اصل مضمون سے نہ ہو قوسین میں لکھا جاتا ہے۔

6) واوین = (Inverted Comas)

واوین کی علامت (“ ”) ہے۔ عبارت میں کسی اقتباس یا کسی کے قول کو الفاظ میں تحریر کرنا مقصود ہو تو اس کے اوّل اور آخر میں واوین کا استعمال کرتے ہیں۔

7) فجائیہ = (Exclamation)

فجائیہ کی علامت (!) ہے۔ یہ علامت عموماً ایسے الفاظ یا جملوں کے آخر میں لگاتے ہیں جن میں کسی جذبے جیسے مسّرت، غم، غصّہ یا نفرت کا اظہار کیا گیا ہو۔

ضمنی مضمون:

عبارت پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

ملک چین میں حکومت نے ایک پروگرام بنایا تھا کہ چڑیوں کو ختم کر دیا جائے کیوں کہ یہ سمجھا جاتا تھا کہ چڑیاں فصلوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ چنانچہ چڑیوں کو ختم کرنے کے پروگرام پر مکمل عمل ہوا۔ لیکن اس کا الٹا نتیجہ نکلا۔ جن کیڑے مکوڑوں کو چڑیاں کھا جاتی تھیں وہ حد سے زیادہ بڑھ گئے اور فصلوں کو بہت زیادہ نقصان ہوا۔ حکومت نے اپنی غلطی مان لی اور پھر سے چڑیوں کو مارنا قانوناً بند کر دیا گیا۔

ہمارے ہی ملک کی ایک زندہ مثال ہے۔ یہاں کے مینڈکوں کی ٹانگیں مغربی ملکوں میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ایک مرغوب غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ زرمبادلہ کے لالچ میں ہمارا ملک مینڈکوں کو پکڑ پکڑ کر ان کی ٹانگیں بیرونی ملکوں کو برآمد کرنے لگا۔ اس کے ذریعہ سالانہ دس کروڑ روپیوں سے زیادہ زرمبادلہ حاصل ہوا حکومت خوش تھی۔ لیکن مینڈکوں کی کمی کی وجہ سے کیڑے مکوڑے اناج کے پودوں کو زیادہ کھانے لگے۔ اور کاشتکاری کو زبردست نقصان پہنچا۔ کسانوں نے کیڑے مار دوائیوں کا زیادہ استعمال شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے تمام اقسام کے کیڑے مکوڑے ختم ہو گئے اور مینڈک کے بچّے (Tadpoles) بھی ختم ہو گئے۔ اس اسکیم سے پہلے اس علاقے میں صرف 8 کروڑ روپیوں کی کیڑے مار دوائیاں استعمال ہوتی تھیں۔ لیکن مینڈکوں کے کم ہو جانے کی وجہ سے 70 کروڑ روپیوں کی دوائیاں استعمال کرنی پڑیں۔ ایک الٹا اثر یہ بھی ہوا کہ سانپوں کی تعداد کم ہو گئی جو مینڈکوں کو کھا کر جیتے تھے۔ یہ سانپ کھیتوں میں رہنے والے چوہوں وغیرہ کو کھا کر ان کی تعداد پر قابو رکھتے تھے۔ چنانچہ ان کی تعداد بڑھ گئی اور فصلوں کا کئی فیصد اناج چوہے اور دیگر کیڑے مکوڑے کھا جانے لگے۔ اس سے معلوم ہوا کہ قانون فطرت میں زیادہ تبدیلیاں لانا انسان کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پیڑ اور بڑے بڑے پتّے زمین کی ضروریات کی حفاظت کرتے ہیں۔ زمین کو تیز رفتار ہواؤں کے مضر اثرات سے بچاتے ہیں۔ دھوپ اور موسلا دھار بارش کے بُرے اثرات سے بچاتے ہیں۔ زیر زمین پانی کی سطح کو برقرار رکھتے ہیں۔ پیڑ پودوں کی جڑوں کی بھی حفاظت کرتے ہیں اور انہیں کٹنے یا اکھڑنے سے بچاتے ہیں۔

سوالات:

۱) کس ملک میں چڑیوں کو ختم کرنے کا پروگرام بنایا گیا اور کیوں؟

۲) ہمارا ملک بیرونی ممالک کو کیا برآمد کرنے لگا اور کیوں؟

۳) سانپوں کی تعداد کے کم ہونے سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

۴) کاشتکاری کو نقصان کیوں پہنچنے لگا؟

۵) پیڑ پتّوں کی اہمیت بیان کیجئے۔

۶) اس مضمون کا مناسب عنوان کیا ہے؟

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTES

B9S5C7

پیارے بچّو

اِشارے:

بچّے کسی بھی قوم، معاشرے اور ملک کا سرمایہ ہوتے ہیں یہ بچّے ہی ہیں جو ملک و مِلّت کی کمان سنبھالنے والے ہوتے ہیں۔ بچوں کی تعلیم و تربیت، کردار سازی، شخصیت سازی اور اخلاق و سیرت ہی کسی بھی ملک کی ترقی کا ضامن ہوتے ہیں کیوں کہ اگر بچّے با اخلاق اور شریف النفّس ہوں تو ملک کے شہری بھی با اخلاق و شریف النفّس ہوں گے۔ بچّوں کی صحیح تربیت اور انہیں تعلیم سے آراستہ کرنے کی ذمہ داری بالخصوص والدین اور اساتذہ کی ہوتی ہے۔ لیکن یہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچّوں کو ملک و ملّت کی امانت گردانتے ہوئے ان کی صحیح رہنمائی کریں۔

زیرِ مطالعہ نظم میں شاعر نے بچّوں کی تربیت کے لئے ضروری اور اہم نکات پر روشنی ڈالی ہے۔

مرے پیارے بچّو ، پڑھو اور لکھو تم
رہِ حق میں آگے مُسلسل بڑھو تم

بلندی سے پستی کی جانب نہ جانا
جہاں تک ہو ممکن، برائی مِٹانا

اُٹھو تم پیام عمل ساتھ لے کر
دِکھاؤ بھلائی کے تم بن کے پیکر

نِظام جہاں اب بدلنا ہے تم کو
ہر اک گام پر اب سنبھلنا ہے تم کو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چلن نفرتوں کا جہاں سے مٹادو
چراغِ محبت ہر اک سو جلا دو

کبھی سر نہ باطِل کے آگے جھُکا نا
بھلے، ڈھائے تم پر سِتم یہ زمانہ

عمل سے تمہارے چمن جگمگائے
تمہیں دیکھ کر ہر کلی مسکرائے

تمہیں دو جہاں کی سعادت ملے گی
تمہیں سر بلندی و عزّت ملے گی

مگر شرط یہ ہے، پڑھو دل لگا کر
عمل اچھّے اچھّے کرو مسکرا کر

الٰہی دعاؤں کو نجمیؔ کی سُن لے
تُو اُمت کے بچّوں کو صالح بنادے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

مُسلسل = لگاتار، سلسلہ وار
پستی = نچائی، زوال
بلندی = اونچائی، بڑائی، عروج
گام = قدم
جہاں = دُنیا
عمل = کام، کاروائی

سعادت = خوش نصیبی

صالح = نیک، پرہیزگار

باطِل = ناحق، جُھوٹ

سُو = طرف، جانب، جہت

مُرکّب الفاظ:

رہِ حق = سچّائی کا راستہ

پیامِ عمل = عمل کا پیغام

نِظامِ جہاں = دنیا کا کاروبار

چراغِ مُحبّت = محبت کا چراغ

سربلندی = کامیابی، کامرانی

I اِن سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

۱) رہِ حق میں آگے کیسے بڑھا جا سکتا ہے؟

۲) پستی سے بلندی کی جانب جانے کے لئے کیا کرنا چاہئے؟

۳) دنیا سے نفرت کیسے مٹائی جا سکتی ہے؟

۴) باطل کے آگے سر کیوں نہیں جھُکانا چاہئے؟

۵) دونوں جہاں کی سعادت حاصل کرنے کے لئے کیا کرنا ضروری ہے؟

II جدول میں دئے گئے الفاظ سے ایک دوسرے کی واحد و جمع علاحدہ کر کے لکھئے:

بلندیاں	نفرت	سعادت	ممکن	صالحین	نظم	پستیاں	باطلوں	سربلندی	عالَم
پستی	ممکنات	باطل	نظمیں	بلندی	عالمین	سربلندیاں	نفرتیں	صالح	سعادتیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): جدول میں دیے گئے الفاظ میں سے ایک دوسرے کی ضد پہچان کر لکھیے:

بھلائی	ذِلّت	سماں	باطِل	بُجھانا	ناجائزّ	ممکن	پستی	خوش قسمتی	فتح
جائز	حق	بلندی	شکست	بدقسمتی	عِزت	برائی	ارض	جَلانا	ناممکن

(ج): جدول میں دیے گئے الفاظ میں سے مذکر اور مونث علاحدہ کر کے فہرست تیار کیجیے:

جہاں	سِتم	حق	شِکست	سعادت	عمل	بلندی	دنیا	محبت	راہ

III (الف): صحیح جوڑ لگا کر شعر مکمل کیجیے:

"الف"	"ب"
۱) بلندی سے پستی کی جانب نہ جانا	a) تمہیں سربلندی وعزت ملے گی
۲) اُٹھو تم پیامِ عمل ساتھ لے کر	b) بھلے ڈھائے تم پر سِتم یہ زمانہ
۳) چلن نفرتوں کا جہاں سے مِٹا دو	c) تمہیں دیکھ کر ہر کلی مسکرائے
۴) کبھی سر نہ باطل کے آگے جھکانا	d) دِکھاؤ بھلائی کے تم بن کے پیکر
۵) عمل سے تمہارے چمن جگمگائے	e) چراغ محبت ہر اک سو جلا دو
۶) تمہیں دو جہاں کی سعادت ملے گی	f) جہاں تک ہو ممکن بُرائی مِٹانا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): مصرعے صحیح کیجئے:

۱) جانب پستی نہ بلندی جانا سے کی

۲) کو تم گام سنبھلنا اب پر اک ہر ہے

۳) باطل آگے سر نہ جھکانا کے کبھی

۴) ملے گی جہاں دو سعادت تمہیں کی

۵) بچوں صالح کے اُمت بنا دے تُو کو

(ج): غیر متعلق لفظ علاحدہ کیجئے:

۱) عزّت، شہرت، شکست، بلندی

۲) پیار، بےوفا، الفت، محبت

۳) زمانہ، پھول، کلی، چمن

۴) نور، اندھیرا، روشنی، جگمگاہٹ

IV (الف): اِن الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

پیام، مسلسل، برائی، عمل، نفرت، باطل، چمن، سعادت

(ب): اِن الفاظ کو الٹ کر لکھئے:

نار:..... راج:.....

رات:..... مار:.....

گور:..... روز:.....

©KTDS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): جدوَل میں دئے گئے حروف پر چوکور کی مدد سے نیچے دئے گئے الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔

آپ انہیں اُوپر سے نیچے، نیچے سے اوُپر، دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں تلاش کر سکتے ہیں۔آپ کی سہولت کے لئے مثال پیش ہے۔

مثال=دراڑ

ب	ل	ب	ڑ	ص
ل	گ	ا	م	ا
ن	ر	ط	ا	ل
د	ت	ل	ے	ح
ی	ت	س	پ	آ
س	ع	ا	د	ت

1) تُلا
2) آپس
3) بلندی
4) سعادت
5) پستی
6) باطل
7) صالح
8) پیام
9) تلے
10) دست
11) لگام
12) بلب

@TBS NOT TO BE REPUBLISHED

V (الف): اِن جملوں کا اردو زبان میں ترجمہ کیجئے۔

(1) Imad is an inteligent boy.

(2) We go to School every day by bus

(3) Delhi is the Capital City of our nation

(4) Doctor Mohammed Iqbal is a very great Urdu poet of our Continent.

(ب): اِن روزمرّہ کے جملوں کو صحیح اردو میں لکھئے:

۱) بنگلور سے ہمارا گوؤں بھوت دور ہے۔
۲) پڑتے وقت غلاٹا کرنا نئیں، نئیں تو حضرت مارتیں۔
۳) اچھا نئیں پڑے تو امتحان میں فیل ہو جاتیں۔
۴) ہماری کتاب بھوت اچھّی ہے۔

ضمنی مضمون: اس نظم کو با آواز بلند پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

نیا ترانہ

ترانہ مسرت کا گاتے چلو　　قدم یوں ملاتے بڑھاتے چلو

جو روئے کوئی غم سے ہنسنا سکھاؤ　　میرے پیارے بچو! ابھی اور گاؤ

اُخوت کے بن جاؤ اچھے سپاہی　　محبت کی منزل کے بن جاؤ راہی

مصیبت میں غیروں کے تم کام آؤ　　میرے پیارے بچو! ابھی اور گاؤ

کڑے وقت کو بے خطر ہو کے جھیلو　　مصیبت کو سینہ سپر ہو کے جھیلو

رہو خوش سدا پیار کے گیت گاؤ
میرے پیارے بچو! ابھی اور گاؤ

(۱) مسرت کا گانا کب گایا جا سکتا ہے؟
(۲) اُخوت کے سپاہی کیسے بن سکتے ہیں؟
(۳) کڑے وقت کو کیسے پار کیا جا سکتا ہے؟

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

M6H4Q2

سبق
10

اکائی
V

آؤ خط لکھیں







@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اشارے:

کاروبارِ حیات کے لئے تبادلہ خیال نہایت ضروری ہے۔ اظہارِ خیال کے بغیر تبادلہ خیال ناممکن ہے۔ اظہارِ خیال تقریری اور تحریری دونوں ذرائع سے ہوتا ہے۔ جس قدر زیادہ ذرائع اظہار تقریر میں موجود ہیں، تحریری اظہار کے ذرائع اسی قدر تعداد میں موجود ہیں، تقریر کی بہ نسبت تحریر کو اِس لئے فوقیت حاصل ہے کہ تحریر ایک دستاویزی شکل ہے۔ کئی ایک معاملات میں تحریری دستاویزات اہمیت کی حامِل نہ ہوتے ہوئے لازمی بھی تصوّر کی جاتی ہیں۔ سرکاری حکم ناموں اور فرمان کا تحریری صورت کا ہونا لازمی ہے۔

خطوط بھی تحریری دستاویز کا درجہ رکھتے ہیں۔ زیرِ مطالعہ مضمون میں خطوط کی اسی اہمیت و افادیت کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔



یہ انسانی فطرت ہے کہ وہ جو کچھ سوچتا، سمجھتا اور محسوس کرتا ہے، اس کا اظہار دوسروں سے بھی کرتا ہے۔ دوسروں کے خیالات سے واقف بھی ہونا چاہتا ہے۔اس کے لئے زبان ایک بہترین ذریعے کا کام کرتی ہے۔ زبانی گفتگو کے بعد تحریری اظہار بھی ایک وسیلہ ہے۔تحریروں کے ذریعے بھی انسان ایک جگہ سے دوسری جگہ اپنے خیالات کو پہنچاتا ہے۔زمانہ قدیم میں تحریری شکل میں خبر پہنچانے کے کئی طریقے تھے، چٹھی، خط، عرضی وغیرہ ذرائع کو بہت اہمیت حاصل تھی۔اس طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچانے کو پیغام رسانی کہتے ہیں۔



پیغام رسانی کے لئے زمانے کے ساتھ ساتھ گھڑ سوار، کبوتر، قاصد، ریل، بس، بحری جہاز، ہوائی جہاز وغیرہ کا استعمال کیا جاتا رہا۔ لیس ایم ایس اور انٹرنیٹ وغیرہ ذرائع کو بتدریج اہمیت حاصل ہوتی گئی ۔چنانچہ خطوط اور تحریری ذرائع کی اہمیت گھٹتی گئی۔اس کے باوجود سرکاری حکم ناموں، گشتی ناموں، سرکاری اور غیر سرکاری دفتری کام کاج، اعلانات، مدرسہ یا کالج میں چھٹی کے لئے درخواست اور تجارتی مراسلہ وغیرہ معاملات کے لئے تحریری شکل میں خطوط کی اہمیت آج بھی برقرار ہے۔

آج ہم ان خطوط کی ترتیب اور ان کی اہمیت پر غور کریں گے۔

خطوط کی قسمیں:

۱۔ ذاتی خطوط

۲۔ تجارتی خطوط

۳۔ دفتری خطوط

۱۔ ذاتی خطوط:

ایسے خطوط جو اپنے دوست احباب، عزیز، رشتہ دار اور کسی واقف کار کو لکھے جاتے ہیں، جن میں ہم اپنے ذاتی معاملات کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ خطوط بہت دلچسپ ہوتے ہیں۔

©2017 TBS NOT TO BE REPUBLISHED

۲۔ تجارتی خطوط:

کاروبار کو فروغ دینے کے لئے کاروباری ضرورتوں کے پیشِ نظر ایک دوسرے کو لکھے جانے والے خطوط تجارتی خطوط ہوتے ہیں۔

۳۔ دفتری خطوط:

کسی سرکاری محکمے، انتظامی اُمور، انتظامیہ تجارتی لین دین کے مقصد کے تحت لکھے جانے والے خطوط دفتری خطوط کہلاتے ہیں۔ یہ خطوط غیر معمولی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

درخواست:

سرکاری خطوط کی طرح درخواست، یادداشت وغیرہ بھی پیغام پہنچانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ درخواست کے ذریعہ ہم اپنا مقصد، گذارش کرنے کے انداز میں پیش کرتے ہیں۔ ذاتی زندگی سے لے کر تجارت، سرکاری دفاتر، نیم سرکاری دفاتر، نجی اداروں وغیرہ میں درخواست کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ملازمت حاصل کرنے کا معاملہ ہو یا بجلی، پانی یا ٹیلی فون لگوانے کی بات ہو، ہر جگہ پہلے ہمیں درخواست دینی ہوتی ہے۔

بنیادی طور پر درخواست کی دو قسمیں ہیں

۱) انفرادی درخواست

۲) اجتماعی درخواست۔

چند نمونے پیش ہیں

۱۔ ذاتی یا نجی خطوط:

منجانب: اکبر علی
اسٹیشن روڈ،
وجیاپورہ۔

بتاریخ 21 جون 2018

@CBSE NOT TO BE REPUBLISHED

بخدمت: ذاکر احمد،
کرنول۔

عزیز دوست؛ ذاکر احمد

سلام محبت

تمہارا خط ملا۔ یاد آوری کا شکریہ۔ اس خبر سے بے پناہ خوشی ہوئی کہ تم امتحان میں اوّل درجہ سے کامیاب ہو گئے ہو۔ اللہ سے دُعا ہے کہ وہ تمہیں مستقبل میں بھی اسی طرح کامیاب و کامران بنائے۔ آمین

میری طرف سے دلی مبارکباد قبول کرو۔

تمہارا خیر طلب دوست،
اکبر علی

۲۔ انفرادی درخواست:

منجانب: ریحان اختر
نمبر 120۔ چرچ روڈ،
بنگلورو۔

بتاریخ 22 جولائی 2018



بخدمتِ: پرنسپل صاحب
اینگلو عربک اسکول
یم۔ جی روڈ، بنگلورو

جناب عالی!

عرض ہے کہ ہمارا لڑکا تنویر احمد آپ کے مدرسہ میں چھٹی جماعت کا طالب علم ہے۔ اس نے پانچویں جماعت میں پچانوے (95) فیصد نشانات کے ساتھ نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ حکومت کی جانب سے ہونہار طلباء کو دی جانے والی اسکالرشپ کے لئے تنویر احمد کے نام کی سفارش کریں اور شکریہ کا موقع دیں۔

خاکسار،

ریحان اختر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

تحریری = لکھی ہوئی

وسیلہ = ذریعہ، واسطہ

بتدریج = منزل بہ منزل، دھیرے دھیرے

مراسلہ = خط، چٹھی

انتظامیہ = سرکاری قوانین کو نافذ کرنے والا شعبہ

کامرانی = کامیابی

مرکبات:

بے پناہ = بہت زیادہ

واقف کار = تجربہ کار، کام جاننے والا

یادآوری = یاد کرنا

نیم سرکاری = غیر سرکاری محکمے جو سرکار کی مالی مدد سے چلتے ہیں

ذو معنی الفاظ:

- خط = چٹھی، مراسلہ
- خط = نقش، لکیر
- درجہ = جماعت
- درجہ = مرتبہ، عہدہ
- نظر = بینائی، نگاہ
- نظر = نگرانی، پرکھ
- قلمی = تحریری، ہاتھ کا لکھا
- قلمی = پیوند کاری کی ہوئی
- اوقات = وقت کی جمع
- اوقات = حیثیت

I (الف): ان سوالوں کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے:

(1) خط کسے کہتے ہیں؟

(2) پیغام رسانی کے کون کونسے ذرائع ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(3) خطوط کی مختلف قسمیں کونسی ہیں؟

(4) درخواست کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں؟

(ب): اِن سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے:

۱) مدرسہ کی جانب سے میسورو کی سیر پر جانے کے لئے اپنے والد صاحب سے رقم طلب کرتے ہوئے ایک خط لکھئے۔

۲) اپنی خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت کی غرض سے صدر مدرس کو تین دن کی چھٹّی کی درخواست پیش کیجئے۔

(ج): عام بول چال میں استعمال ہونے والے ان جملوں کو صحیح اردو میں لکھئے:

۱) کلبرگی کی درگاہ میں بلّا کے لوگاں آتیں۔

۲) آدمی پہلے جانور تھا سوکتے۔

۳) میں پورے سبقاں پڑلیا ہوں۔

۴) ہمارے حضرت بھوت اچھا پڑاتیں۔

(د): اِن الفاظ میں استعمال شدہ حروف کی مدد سے زیادہ سے زیادہ الفاظ بنایئے:

ایماندار = ا+ی+م+ا+ن+د+ا+ر

عقل مند = ع+ق+ل+م+ن+د

II (الف): اِن الفاظ کی مدد سے اپنے دوست کو ایک خط لکھئے:

مدرسہ، یوم آزادی، جلسہ، مہمان، شیرینی، 15 اگست، زنجیر
تقریر، آزاد، ملک، ہر سال، انعامات، تقسیم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): مثال کے مطابق لفظ ’ نُما‘ کا استعمال کرتے ہوئے مرکب الفاظ بنایئے:

مثال = رُونما



(پ): مثال کے مطابق جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے مندرجہ ذیل الفاظ کی نشاندہی کیجیے:

مثال = خندق

ت	ی	ر	ے	خ	م	ل	ق
ن	ب	م	ا	ط	س	و	ا
ط	ق	ب	ق	و	د	ن	ص
ل	ک	ن	ا	ط	ا	ا	د
س	د	ل	ب	ب	ا	م	ر
خ	ن	ا	ز	ی	ر	ہ	ق
م	ع	ے	و	ب	د	م	ت
ت	م	ع	م	ا	ر	ا	ا

(۱)قلم (۲)قاصد (۳)میزبان (۴)خیریت (۵)خطوط (۶)معمار (۷)صوم
(۸)طباعت (۹)اوسط (۱۰)لقمے (۱۱)نامہ (۱۲)عیوب (۱۳)ناز (۱۴)نعم
(۱۵)سوال (۱۶)بکس (۱۷)مار (۱۸)قمر (۱۹)قہر (۲۰)رباب (۲۲)بدلا
(۲۳)سلطنت (۲۴)ربط (۲۵)مہمان (۲۶)صندوق

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

(ج): اِن جملوں میں چند ایسے الفاظ شامل ہیں جن کے آخری حرف اور آگے والے پہلے لفظ کے حروف کو ملانے سے کسی شہر یا جگہ کا نام بنتا ہے۔ مثال کے مطابق شہروں یا جگہوں کے نام تلاش کریں:

مثال = بچّو تم کھٹ پٹ نہ کرو۔ پٹنہ

۱) بچّوں کو ٹاٹ پر بٹھاؤ۔

۲) شنکر نالے میں گر گیا۔

۳) وہ گھر پر تھا نہ دکان پر۔

۴) کھڑکی کا شیشہ ٹوٹ گیا۔

۵) رزاق کو چینی نہیں ملے گی۔

۶) ہاشم لال سوٹ پہنے ہوئے ہے۔

۷) جھٹ پٹ ناک پکڑو۔

۸) امبالا جوتی کے ساتھ بازار گئی۔

۹) تم وجے پورا سبق دہراؤ۔

(د): ان جملوں کا اردو زبان میں ترجمہ کیجئے:

(1) This is a very nice doll.

(2) We are working hard for our Examinations.

(ب): اِن جملوں کا کنڑی زبان میں ترجمہ کیجئے:

۱) مور ایک خوبصورت پرندہ ہے۔

۲) مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): اِن جملوں کا اردو زبان میں ترجمہ کیجئے:

(1) ಹಸಿರೇ ಉಸಿರು

(2) ಮರ ಬೆಳಸಿ ದೇಶ ಉಳಿಸಿ

(د): ان جملوں کو صحیح اردو میں لکھئے:

۱) اعجاز کی نانی کب بی بھی بیمار بچ نہیں ہوے کتے۔

۲) رات کا کھانا ہمارے گھر میں سب بی مل کو بچ کھاتیں سو۔

قواعد

اِسم

ان جملوں کو پڑھئے اور خط کشیدہ الفاظ پر غور کیجئے۔

۱)وہ لڑکا ہے۔ ۲) یہ لڑکی ہے۔ ۳)یہ باغ ہے۔

۴)وہ ہمارا گاؤں ہے۔ ۵) یہ ٹیلی ویژن ہے۔ ۶)وہ کرسی ہے۔

۷)یہ گائے بڑی ہے۔ ۸) کبوتر اڑ رہا ہے۔ ۹)طوطا چالاک پرندہ ہے ۔

۱۰) موٹر تیز دوڑتی ہے۔ ۱۱)یہاں بہت سے لوگ جمع ہیں۔ ۱۲)یہ گھر کس کا ہے؟

ان جملوں میں

(۱) لڑکا، لڑکی، لوگ، میں آدمیوں (شخص) کا ذکر ہے۔

۲) باغ، گاؤں، گھر میں جگہ کا ذکر آیا ہے۔

۳) موٹر، ٹیلی ویژن، کرسی میں اشیاء کا ذکر ہوا ہے۔

۴) گائے جانور ہے۔

۵) کبوتر، طوطا، پرندے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لڑکا، لڑکی، باغ، گاؤں، گھر، موٹر، ٹیلی ویژن، کرسی، گائے، کبوتر، طوطا، لوگ، یہ سب اسم کہلاتے ہیں۔

یعنی اسم وہ کلمہ ہے جس میں کسی شخص، جانور، چیز یا جگہ کا ذکر ہو۔

اسم کا استعمال کرتے ہوئے دس جملے لکھئے

ضمنی مضمون:

اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔

کسی مُفکِر کا قول ہے کہ اگر دو دن تک مطالعہ نہ کیا جائے تو تیسرے دن گفتگو میں شیرینی باقی نہیں رہتی۔ اس قول سے مطالعہ اور کتابوں کی اہمیت وافادیت ظاہر ہے۔ لہٰذا فرصت کا وقت بے کار نہیں گزارنا چاہئے۔ مثل مشہور ہے کہ خالی ذہن شیطان کا کارخانہ ہوتا ہے۔ کتابوں کا مطالعہ کرنا وقت کا صحیح استعمال ہے۔ جہاں سے بھی ملیں کتابیں حاصل کرنی چاہئے۔ بہتر ہوگا، اگر ہم اپنے گھر ایک مختصر سی لائبریری قائم کریں۔ دوستوں کے ساتھ بھی کتابوں کا تبادلہ کریں تاکہ نئی نئی کتابیں پڑھنے کو ملتی رہیں۔

سوالات :

۱) گفتگو میں شیرینی کب باقی نہیں رہتی؟

۲) خالی ذہن کو کس سے مثال دی گئی ہے؟

۳) کتابیں اکھٹا کرنے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

۴) عبارت کے پڑھنے سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

۵) اس عبارت کے لئے ایک مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED © BTSE

خزینۂ الفاظ

P4U6R5

"آ"

آبشار

الف

اُفق

اوس

القاب

ایاغ

الاپ

الطاف

انجمن

اہتمام

استقبال

الماس

اوقات

ب

بگڑی

بے نیاز

بخشش

بتول

بَن

بِلور

بہبودی

بہار آفرین

بلندی

باطل

بتدریج

بے پناہ

پ

پایۂ تکمیل

پنکھی

پستی

ت

تمدّن

تعظیم

تکریم

تحریری

ٹ

-

ث

ثمر

ج

جلوہ

جام

جھلا جھل

جفاکش

جہاں

جاں فزا

چ

چراغاں

ح

حکمران

حاضرین

خ

خزینہ

خوشہ

خاک اُڑنا

خط

د

دفینہ

دل کُشا

درجات

ڈ

ذ

ذرّہ

ذہانت

ذکیہ

ر

رشک

روانی

ڑ

-

ز

زاہد

زہرہ

زرخیز

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

ژ

س

سو

ستار

سنگ

سِل

سلطان

سیرت

سبزہ زار

سِتار

سماعت

سعادت

سربلندی

ش

شفاعت

شجر

شرین

شان وشوکت

شرم وحیا

شرف

شادابی

شکست

ص

صبح وشام

صاحبزادی

صالح

ض

ـ

ط

طیُور

ظ

ـ

ع

عابد

عمل

غ

غلّہ

ف

فطرت

فضا

فرش

فطانت

فاقے

ق

قُطر

قریش

ک

کائنات

کان

کوہسار

کھوج

کامرانی

گ

گہر

گمراہ

گڈّے

گگن

گام

ل

ـ

م

مطہرہ

متین

متاثر

مربع

معمار

مرمّت

متقی

منظّم

مظہر

مہم

محکمہ

مُضر

مسلسل

مراسلہ

ن

نیلم

نمود

ناظم

و

وسیلہ

واقف کار

ہ

ـ

ی

ـ

ے

یادآوری

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS